کامل طریقہ نماز

مفتی عبدالرؤف سکھروی صاحب

www.ahnafmedia.com

www.ahnafmedia.com

کامل طریقۂ نماز

اس رسالہ میں

نماز کے فضائل فرائض، واجبات اور مردوں اور عورتوں کی نماز کا مکمّل طریقہ الگ الگ تحریر کیا گیا ہے

ترتیب

مولانا مفتی عبدالروف صاحب سکھروی

نائب مفتی جامعہ دارالعلوم کراچی

عنوانات

	صفحہ
تصدیق	۷
عرض مرتب	۹
اطاعت اور محبت	۱۱
بشارتیں اور خوشخبریاں	۱۳
گناہ معاف ہونا	۱۳
شہید سے پہلے جنت میں جانا	۱۷
جنت میں داخلہ کی ضمانت	۱۸
نماز پر جنت کا وعدہ	۱۸
نماز کی عظیم فضیلت	۱۹
نماز کی تاکید	۱۹
ٹکڑے ٹکڑے ہونے پر بھی نماز نہ چھوڑنا	۱۹
نماز چھوڑنا گھر لٹنے کے برابر ہے	۲۰
تین چیزوں میں تاخیر نہ کرنا	۲۱
دس باتوں کی وصیت	۲۱
حضور کی آخری وصیت	۲۲

www.ahnafmedia.com

صفحہ

عتاب اور عذاب ۲۳

نماز نہ پڑھنا کفر کے برابر ہے ۲۳

بے نمازی کا کافروں کے ساتھ حشر ۲۳

فرض نماز نہ پڑھنے پر سر کچلنا ۲۴

دو کروڑ ۸۸ لاکھ سال جہنم میں جلنا ۲۵

بے نمازی کو پندرہ قسم کا عذاب ۲۶

سانپوں اور بچھوؤں کی وادی

جماعت کی فضیلت و اہمیت ۲۹

جماعت کی نماز کا ثواب تین کروڑ سے زیادہ ۲۹

مسجد میں اہتمام جماعت سنّت ہے ۳۱

دو پروانے ۳۲

جماعت کا ثواب ملنا ۳۲

ترک جماعت کا وبال ۳۳

ظلم، کفر اور نفاق ۳۳

گھروں کو جلانا ۳۴

جماعت چھوڑنے والا جہنمی ہے ۳۴

www.ahnafmedia.com

صفحہ

خشوع و خضوع ۳۵

نماز کی دعا اور بددعا ۳۶

نماز میں سکون ۳۷

عذاب سے حفاظت ۳۷

بدترین چور ۳۸

خشوع اُٹھ جانا ۳۸

نماز کے فرائض ۳۹

نماز کے واجبات ۴۰

نماز کی سنتیں ۴۲

قیام میں ۱۶ سنتیں ہیں ۴۲

رکوع میں ۷ سنتیں ہیں ۴۴

قومہ میں ۵ سنتیں ہیں ۴۵

سجدہ میں ۱۰ سنتیں ہیں ۴۵

قعدہ میں ۵ سنتیں ہیں ۴۷

سلام میں ۸ سنتیں ہیں ۴۷

نماز کے مستحبات ۴۹

www.ahnafmedia.com

	صفحہ

مردوں کا طریقۂ نماز	۵۱
نماز شروع کرنے سے پہلے	۵۲
نماز شروع کرتے وقت	۵۴
کھڑے ہونے کی حالت میں	۵۵
رکوع میں	۵۷
رکوع سے کھڑے ہوتے وقت	۵۸
سجدہ میں جاتے وقت	۵۹
سجدہ میں	۵۹
دونوں سجدوں کے درمیان	۶۱
دوسرا سجدہ اور اس سے اٹھنا	۶۲
قعدے میں	۶۳
سلام پھیرتے وقت	۶۴
دعا کا طریقہ	۶۴
دعا کا ثبوت	۶۵
خواتین کے طریقۂ نماز کا ثبوت	۷۴
خواتین کا طریقۂ نماز	۸۹

www.ahnafmedia.com

	صفحہ
نماز شروع کرنے سے پہلے	۸۹
نماز شروع کرتے وقت	۹۱
کھڑے ہونے کی حالت میں	۹۲
رکوع میں	۹۴
رکوع سے کھڑے ہوتے وقت	۹۵
سجدہ میں جاتے وقت	۹۵
دونوں سجدوں کے درمیان	۹۶
دوسرا سجدہ اور اس سے اٹھنا	۹۷
قعدہ میں	۹۸
سلام پھیرتے وقت	۹۹
دعا کا طریقہ	۹۹
ایک مسئلہ	۱۰۰
فضیلتِ نماز کی پہلی حدیث	۱۰۰
تمت	۱۰۶

www.ahnafmedia.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

تصدیق

حضرت مولانا سبحان محمود صاحب دامت برکاتہم
ناظم دار العلوم کراچی

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم۔ اما بعد!

احقر نے عزیزی مولوی عبدالرؤف سلمہ کے ترتیب دیے ہوئے رسالہ "کامل طریقۂ نماز" پر سرسری نظر ڈالی، ماشاء اللہ عزیز موصوف نے اس رسالہ میں نماز کے فرائض و واجبات اور سنتیں وغیرہ سلیقہ سے جمع کی ہیں اور مردوں اور عورتوں کی نماز پڑھنے کا مفصل طریقہ بھی الگ الگ تحریر کردیا ہے، مردوں کی نماز کا تفصیلی طریقہ تو عام طور پر مل جاتا ہے، لیکن عورتوں کی نماز کا مفصل طریقہ عموماً نہیں ملتا، اس لحاظ سے یہ رسالہ بہت مفید اور کار آمد ہے، اور مستند و معتبر ہے، اب خواتین و حضرات کو یہ رسالہ سامنے رکھ کر اپنی اپنی

www.ahnafmedia.com

نماز درست کرنی چاہیئے اور یہ رسالہ ہر گھر میں ہونا چاہیئے تاکہ فریضۂ نماز سنت کے مطابق ادا ہو اور بارگاہِ الٰہی میں باعثِ قبول ہو۔

دل سے دعا ہے اللہ تعالیٰ عزیز موصوف کی اس محنت کو قبول فرمائیں اور تمام مسلمانوں کو اس کے مطابق اپنی نماز درست کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

(حضرت مولانا) سبحان محمود (صاحب دامت برکاتہم)
خادم حدیث و ناظم دارالعلوم کراچی نمبر ۱۴
۱۴۱۲/۱/۲۲

www.ahnafmedia.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

عرض مرتب

نحمدہ و نصلی علی رسولہ الکریم محمد و
آلہ و اصحابہ اجمعین

نماز بہت اہم عبادت ہے، اس کو سنت کے مطابق ٹھیک ادا کرنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، لیکن ہم اپنی یہ ذمہ داری پوری نہیں کرتے جس کی وجہ سے اکثر ہماری نمازیں خلاف سنت ادا ہوتی ہیں اور انوار سنت سے خالی رہتی ہیں، پھر عام لوگوں کو خصوصاً خواتین کو سنت کے مطابق نماز ادا کرنے کا طریقہ بھی معلوم نہیں۔ اس لیے بھی ہماری نمازیں صحیح طریقے سے ادا نہیں ہوتیں اگر ذرا سی توجہ کرلیں اور توجہ دیکر نماز کا صحیح طریقہ سیکھ لیں اور اس کی عادت ڈال لیں تو جتنے وقت میں ہم آج نماز پڑھتے ہیں اتنے ہی وقت میں وہ نماز سنت کے مطابق ادا ہوگی بلکہ اور سہولت سے ادا ہوگی اور اس کا اجر و ثواب بھی کہیں زیادہ ہوگا، لہذا

www.ahnafmedia.com

محترم جناب مولوی اشتیاق احمد صاحب مدظلہ کی فرمائش پر یہاں نماز کے متعلق چند منتخب حدیثیں، نماز کے فرائض، واجبات، سنتیں، مستحبات اور خواتین و حضرات کی نماز کا مکمل طریقہ تفصیل سے تحریر کیا جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کو ہم سب کے لیے مفید بنائیں اور اس کے مطابق اپنی نمازیں درست کرنے کی توفیق عطا فرمائیں۔ آمین۔

ناچیز عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ

۲۵/محرم ۱۴۱۳ھ

www.ahnafmedia.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اطاعت اور محبت

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَمَآ اٰتٰکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَہٰکُمْ عَنْہُ فَانْتَہُوْا ۚ وَاتَّقُوا اللّٰہَ ؕ اِنَّ اللّٰہَ شَدِیْدُ الْعِقَابِ O

(سورۃ الحشر آیت ۷)

ترجمہ

اور رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) تم کو جو کچھ دیدیا کریں اسے لے لیا کرو اور جس چیز سے تم کو منع کردیا کریں، اس سے رک جایا کرو، اور اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہو، کیونکہ اللہ تعالیٰ سخت سزا دینے والا ہے۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

قُلْ اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ وَ یَغْفِرْ لَکُمْ ذُنُوْبَکُمْ ؕ وَاللّٰہُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ O

(سورۃ آل عمران آیت ۳۱)

www.ahnafmedia.com

ترجمہ

اے نبی آپ لوگوں سے کہہ دیجیے! اگر تم واقعی اللہ تعالیٰ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی اختیار کرو! اس پر اللہ تعالیٰ تم سے محبت فرمائیں گے، اور تمہارے گناہوں کو معاف فرمادیں گے، اور اللہ تعالیٰ بڑے بخشنے والے نہایت مہربان ہیں۔

پہلی آیت سے معلوم ہوا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حکم ماننا ضروری ہے اور دوسری آیت سے واضح ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی محبت کا حاصل ہونا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرنے پر موقوف ہے بس یوں سمجھیں ہماری نجات اور فلاح رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کرنے میں ہے۔ چنانچہ ایک حدیث میں ہے:

میری ساری اُمت جنت میں جائے گی مگر جس نے انکار کردیا، عرض کیا گیا اے اللہ کے رسول اور کون انکار کریگا؟ ارشاد فرمایا جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں داخل ہوگا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے (گویا) انکار ہی کیا۔ (بخاری)

ایک جگہ ارشاد ہے تم میں سے کوئی شخص اس وقت

www.ahnafmedia.com

تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک اس کی خواہش اس دین کے تابع نہ ہوجائے جس کو میں لیکر آیا ہوں۔ (مشکوٰۃ)

اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مسلمانوں کو نماز کے بارے میں بہت تاکیدی حکم دیا ہے۔ اس کا اہتمام کرنے والوں کے لیے بڑی بشارتیں دی ہیں اور نہ پڑھنے والوں کے لیے ہولناک عذاب اور وبال بیان فرمایا ہے۔ لہذا مذکورہ آیات و احادیث کی روشنی میں نماز کے متعلق حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات پڑھیے! عمل کیجیے! اور فلاح پائیے!

بشارتیں اور خوشخبریاں

گناہ معاف ہونا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک مرتبہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سردی کے موسم میں باہر تشریف لائے اور پتے درختوں پر سے گر رہے تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درخت کی ٹہنی ہاتھ میں لی اُس کے پتے

www.ahnafmedia.com

اور بھی گرنے لگے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اے ابوذرؓ! مسلمان بندہ جب اخلاص سے اللہ تعالیٰ کیلئے نماز پڑھتا ہے تو اُس سے اُس کے گناہ ایسے ہی گرتے ہیں جیسے یہ پتے درخت سے گر رہے ہیں۔ (مشکوٰۃ شریف)

حضرت ابو ذر رضی اللہ عنہ جناب نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے ایک مرتبہ ارشاد فرمایا بتاؤ اگر کسی شخص کے دروازے پر ایک نہر جاری ہو جس میں وہ پانچ مرتبہ روزانہ غسل کرتا ہو کیا اُس کے بدن پر کچھ میل باقی رہے گا؟ صحابہؓ نے عرض کیا کہ کچھ بھی باقی نہیں رہے گا۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہی حال پانچوں نمازوں کا ہے کہ اللہ جل شانہ ان کی وجہ سے گناہوں کو زائل فرمادیتے ہیں۔ (مشکوٰۃ)

ابو مسلمؒ کہتے ہیں کہ میں حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ وہ مسجد میں تشریف فرما تھے۔ میں نے عرض کیا کہ مجھ سے ایک صاحب نے آپ کی طرف سے یہ حدیث نقل کی ہے کہ آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ ارشاد سنا ہے کہ جو شخص اچھی طرح وضو کرے اور پھر

www.ahnafmedia.com

فرض نماز پڑھے تو حق تعالیٰ جل شانہ، اُس دن وہ گناہ جو چلنے سے ہوئے ہوں اور وہ گناہ جن کو اُس کے ہاتھوں نے کیا ہو اور وہ گناہ جو اُس کے کانوں سے صادر ہوئے ہوں اور وہ گناہ جن کو اُس نے آنکھوں سے کیا ہو اور وہ گناہ جو اُس کے دل میں پیدا ہوئے ہوں سب کو معاف فرما دیتے ہیں۔ تو حضرت ابو امامہؓ فرماتے ہیں کہ میں نے یہ مضمون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کئی دفعہ سنا ہے۔ (الترغیب)

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جب نماز کا وقت آتا ہے تو ایک فرشتہ اعلان کرتا ہے کہ اے آدم کی اولاد اٹھو اور جہنم کی اُس آگ کو جسے تم نے اپنے (گناہوں کی بدولت) اپنے اوپر جلانا شروع کر دیا ہے بجھاؤ، چنانچہ (دیندار لوگ) اُٹھتے ہیں وضو کرتے ہیں۔ ظہر کی نماز پڑھتے ہیں جس کی وجہ سے اُن کے گناہوں کی (صبح سے ظہر تک) مغفرت کر دی جاتی ہے، اسی طرح پھر عصر کے وقت پھر مغرب کے وقت پھر عشاء کے وقت (غرض ہر نماز کے وقت یہی صورت ہوتی ہے)۔ عشاء کے بعد لوگ سونے میں مشغول ہو جاتے ہیں۔ اس کے بعد اندھیرے میں بعض لوگ برائیوں

(زناکاری، بدکاری وغیرہ) کی طرف چل دیتے ہیں اور بعض لوگ بھلائیوں (نماز وظیفہ ذکر وغیرہ) کی طرف چلنے لگتے ہیں۔
(الترغیب)

حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان آدمی فرض نماز کا وقت آنے پر اس کے لیے اچھی طرح وضو کرے، پھر پورے خشوع اور اچھے رکوع و سجود کے ساتھ نماز ادا کرے تو وہ نماز اس کے واسطے پچھلے گناہوں کا کفارہ بن جائے گی جب تک کہ وہ کسی کبیرہ گناہ کا مرتکب نہ ہوا ہو، اور نماز کی یہ برکت اس کو ہمیشہ ہمیشہ حاصل ہوتی رہے گی۔
(مسلم شریف)

فائدہ:

ان احادیث سے واضح ہوا کہ نماز ایسا مبارک عمل ہے جس کے ذریعہ نماز پڑھنے والے کے گناہ معاف ہوتے رہتے ہیں اور گناہوں کی گندگی دھلتی رہتی ہے، لیکن نماز کی یہ تاثیر اور برکت اس شرط کے ساتھ مشروط ہے کہ نمازی کبیرہ گناہوں سے آلودہ نہ ہو، کیونکہ کبیرہ گناہوں کی نجاست اتنی

www.ahnafmedia.com

غلیظ ہوتی ہے کہ اس کا ازالہ صرف توبہ ہی سے ہوسکتا ہے، ہاں اللہ تعالیٰ چاہے تو یونہی معاف فرمادے۔ بہرحال نماز کا اہتمام کرنا چاہیئے۔ نماز گناہوں کی معافی کا اہم ذریعہ ہے۔

شہید سے پہلے جنت میں جانا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک قبیلہ کے دو شخص ایک ساتھ مسلمان ہوئے، ان میں سے ایک صاحب جہاد میں شہید ہوگئے اور دوسرے صاحب کا ایک سال بعد انتقال ہوا۔ میں نے خواب میں دیکھا کہ وہ صاحب جن کا ایک سال بعد انتقال ہوا تھا اُن شہید سے بھی پہلے جنت میں داخل ہوگئے تو مجھے بڑا تعجب ہوا کہ شہید کا درجہ تو بہت اونچا ہے وہ پہلے جنت میں داخل ہوتے۔ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے خود عرض کیا یا کسی اور نے عرض کیا تو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جن صاحب کا بعد میں انتقال ہوا ان کی نیکیاں نہیں دیکھتے کہ کتنی زیادہ ہوگئیں۔ ایک رمضان المبارک کے پورے روزے بھی ان کے زیادہ ہوئے اور چھ ہزار اور اتنی اتنی رکعتیں نماز کی ایک سال میں اُن کی بڑھ گئیں۔ (الترغیب)

www.ahnafmedia.com

جنت میں داخلہ کی ضمانت

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ حق تعالیٰ شانہ نے یہ فرمایا کہ میں نے تمہاری اُمت پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں اور اس کا میں نے اپنے لیے عہد کرلیا ہے کہ جو شخص ان پانچ نمازوں کو ان کے وقت پر ادا کرنے کا اہتمام کرے گا اُس کو اپنی ذمہ داری پر جنت میں داخل کروں گا اور جو ان نمازوں کا اہتمام نہ کرے تو مجھ پر ان کی کوئی ذمہ داری نہیں۔ (الترغیب)

نماز پر جنت کا وعدہ

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو مسلمان بندہ اچھی طرح وضو کرے، پھر اللہ کے حضور میں کھڑے ہو کر پوری دلی توجہ اور یکسوئی کے ساتھ دو رکعت نماز پڑھے تو جنت اس کے لیے ضرور واجب ہو جائے گی۔ (مسلم شریف)

فائدہ:

ان احادیث سے معلوم ہوا کہ نماز کی پابندی اور سنت کے مطابق اُس کی ادائیگی نمازی کے لیے جنت میں جانے کا

www.ahnafmedia.com

یقینی ذریعہ ہے، لہذا اس کو ضرور اپنانا چاہیئے۔

نماز کی تاکید

ٹکڑے ٹکڑے ہونے پر بھی نماز نہ چھوڑنا

حضرت عُبادہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے میرے محبوب حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے سات نصیحتیں فرمائیں جن میں سے چار یہ ہیں: اول یہ کہ اللہ تعالیٰ کا شریک کسی کو نہ بناؤ چاہے تمہارے ٹکڑے ٹکڑے کردیے جائیں یا تم جلادیے جاؤ یا سولی چڑھادیے جاؤ۔ دوسرے یہ کہ جان کر نماز نہ چھوڑو جو جان بوجھ کر نماز چھوڑدے وہ مذہب سے نکل جاتا ہے۔ تیسرے یہ کہ اللہ تعالیٰ کی نافرمانی نہ کرو کہ اس سے حق تعالیٰ ناراض ہوجاتے ہیں۔ چوتھے یہ کہ شراب نہ پیو کہ وہ ساری خطاؤں کی جڑ ہے۔ (مشکوٰۃ)

نماز کی عظیم فضیلت

ایک صحابی فرماتے ہیں کہ ہم لوگ لڑائی میں جب خیبر

www.ahnafmedia.com

کو فتح کر چکے تو لوگوں نے اپنے مال غنیمت کو نکالا جس میں متفرق سامان تھا اور قیدی تھے اور خرید وفروخت شروع ہو گئی (کہ ہر شخص اپنی ضروریات خرید نے لگا، دوسری زائد چیزیں فروخت کرنے لگا) اتنے میں ایک صحابی حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ! مجھے آج کی اس تجارت میں اس قدر نفع ہوا کہ ساری جماعت میں سے کسی کو بھی اتنا نفع نہ مل سکا، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے تعجب سے پوچھا کہ کتنا کمایا؟ انہوں نے عرض کیا کہ حضور! میں سامان خریدتا رہا اور بیچتا رہا۔ جس میں تین سو اوقیہ [1] چاندی نفع میں بچی۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمہیں بہترین نفع کی چیز بتاؤں؟ انہوں نے عرض کیا حضور ضرور بتائیں۔ ارشاد فرمایا کہ فرض نماز کے بعد دو رکعت نفل۔ (ابوداؤد)

نماز چھوڑنا گھر لٹنے کے برابر ہے

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص کی ایک نماز بھی فوت ہو گئی وہ ایسا ہے کہ گویا اس کے

---

۱ اسکی مقدار اس زمانہ کے لحاظ سے تقریباً ۳ سو کلو گرام کے برابر ہے۔

گھر کے لوگ اور مال و دولت سب چھین لیا گیا ہو۔ (الترغیب)

تین چیزوں میں تاخیر نہ کرنا

حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں، حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ تین چیزوں میں تاخیر نہ کرو ایک نماز جب اُس کا وقت ہو جائے۔ دوسرے جنازہ جب تیار ہو جائے۔ تیسرے بے نکاحی عورت جب اُس کے جوڑ کا خاوند مل جائے۔ (الترغیب)

دس باتوں کی وصیت

حضرت معاذ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے دس باتوں کی وصیت فرمائی

(۱) یہ کہ اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرنا گو تو قتل کر دیا جائے یا جلا دیا جائے۔

(۲) والدین کی نافرمانی نہ کرنا گو وہ تجھے اس کا حکم کریں کہ بیوی کو چھوڑ دے یا سارا مال خرچ کر دے۔

(۳) فرض نماز جان کر نہ چھوڑنا جو شخص فرض نماز جان کر چھوڑ دیتا ہے اللہ کا ذمہ اُس سے بری ہے۔

(۴) شراب نہ پینا کہ یہ ہر برائی اور فحش کی جڑ ہے۔

⑤ اللہ کی نافرمانی نہ کرنا کہ اس سے اللہ تعالیٰ کا غضب اور قہر نازل ہوتا ہے۔

⑥ لڑائی میں نہ بھاگنا چاہے سب ساتھی مر جائیں۔

⑦ اگر کسی جگہ وبا پھیل جائے جیسے طاعون وغیرہ تو وہاں سے نہ بھاگنا۔

⑧ اپنے گھر والوں پر خرچ کرنا۔

⑨ تنبیہ کے واسطے اُن پر سے لکڑی نہ ہٹانا۔

⑩ اللہ تعالیٰ سے ان کو ڈراتے رہنا۔ (الترغیب)

حضور کی آخری وصیت

حضرت ام سلمہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کہتی ہیں کہ آخری وقت میں جب زبان مبارک سے پورے لفظ نہیں نکل رہے تھے اُس وقت بھی حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز اور غلاموں کے حقوق کی تاکید فرمائی تھی۔ حضرت علی سے بھی یہی منقول ہے کہ آخری کلام حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا نماز کی تاکید اور غلاموں کے بارے میں اللہ رب العزت سے ڈرنے کا حکم تھا۔ (جامع صغیر)

فائدہ:

ان احادیث سے کس قدر نماز کی تاکید اور اہمیت

معلوم ہورہی ہے۔ اس لیے نماز کی بیحد فکر کرنی چاہیئے اور وقت پر ادا کرنے کا خیال رکھنا چاہیئے۔

عتاب اور عذاب

نماز نہ پڑھنا کفر کے برابر ہے

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز چھوڑنا آدمی کو کفر سے ملا دیتا ہے ایک جگہ ارشاد ہے کہ بندہ کو اور کفر کو ملانے والی چیز صرف نماز چھوڑنا ہے۔ ایک جگہ ارشاد ہے کہ ایمان اور کفر کے درمیان نماز چھوڑنے کا فرق ہے۔ (الترغیب)

بے نمازی کا کافروں کے ساتھ حشر

حضر ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا ذکر فرمایا اور یہ ارشاد فرمایا کہ جو شخص نماز کا اہتمام کرے تو نماز اُس کیلئے قیامت کے دن نور ہوگی اور حساب پیش ہونے کے وقت حجت ہوگی اور نجات کا سبب ہوگی، اور جو شخص نماز کا اہتمام

نہ کرے اُس کیلئے قیامت کے دن نہ نور ہوگی اور نہ اُس کے پاس کوئی حجت ہوگی اور نہ نجات کا کوئی ذریعہ، اُس کا حشر فرعون، ہامان اور اُبی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔ (الترغیب)

فرض نماز نہ پڑھنے پر سر کچلنا

حضرت سمرۃؓ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا معمول تھا کہ (صبح کی نماز کے بعد) صحابہؓ سے دریافت فرماتے کہ کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟ اگر کوئی دیکھتا تو بیان کر دیتا (اور آپ ﷺ اُس کی تعبیر بیان فرمادیتے) ایک مرتبہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم نے حسبِ معمول دریافت فرمایا۔ اُس کے بعد ارشاد فرمایا کہ میں نے ایک خواب دیکھا ہے کہ میرے پاس دو شخص آئے اور مجھے اپنے ساتھ لے گئے۔ اُس کے بعد لمبا خواب ذکر فرمایا جس میں جنت، دوزخ اور اُس میں مختلف قسم کے عذاب لوگوں کو ہوتے ہوئے دیکھے، منجملہ اُن کے ایک شخص کو دیکھا کہ اُس کا سر پتھر سے کچلا جارہا ہے اور اس زور سے پتھر مارا جاتا ہے کہ وہ پتھر لڑھکتا ہوا دور جا پڑتا ہے اتنے اُس کو اُٹھایا جاتا ہے وہ سر ویسا ہی ہو جاتا ہے تو دوبارہ اس کو زور

سے مارا جاتا ہے۔ اسی طرح اس کے ساتھ برتاؤ کیا جارہا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے جب اپنے دونوں ساتھیوں سے دریافت فرمایا کہ یہ کون شخص ہے تو انہوں نے بتایا کہ اس شخص نے قرآن شریف پڑھا تھا اور اُس کو چھوڑ دیا تھا اور فرض نماز چھوڑ کر سو جاتا تھا۔ (الترغیب)

دو کروڑ ۸۸ لاکھ سال جہنم میں جلنا

ایک حدیث میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے نقل کیا گیا ہے کہ جو شخص نماز کو قضا کردے گو وہ بعد میں پڑھ بھی لے پھر بھی اپنے وقت پر نہ پڑھنے کی وجہ سے ایک حقب جہنم میں جلے گا، اور ایک حقب کی مقدار اسی برس ہوتی ہے اور ایک برس تین سو ساٹھ دن کا اور قیامت کا ایک دن ایک ہزار برس کے برابر ہوگا۔ (اس حساب سے ایک حقب کی مقدار دو کروڑ اٹھاسی لاکھ برس ۲۸۸۰۰،۰۰۰ ہوئی۔) (مجالس الابرار صفحہ ۳۶۵ مجلس نمبر ۵۱)۔

نمازی پر پانچ انعام

ایک حدیث میں آیا ہے کہ جو شخص نماز کا اہتمام کرتا ہے حق تعالیٰ شانہ پانچ طرح سے اس کا اکرام و اعزاز

www.ahnafmedia.com

فرماتے ہیں۔

(۱) ایک یہ کہ اُس پر سے رزق کی تنگی ہٹادی جاتی ہے۔

(۲) دوسرے یہ کہ عذاب قبر ہٹادیا جاتا ہے۔

(۳) تیسرے یہ کہ قیامت کو اس کے اعمالنامے اس کے دائیں ہاتھ میں دیے جائیں گے (جن کا حال سورۃ الحاقہ میں مفصل مذکور ہے کہ جن لوگوں کے نامہ اعمال داہنے ہاتھ میں دیے جائیں گے وہ نہایت خوش و خرم ہر شخص کو دکھاتے پھریں گے

(۴) چوتھے یہ کہ پُل صراط پر سے بجلی کی طرح گذر جائیں گے۔

(۵) پانچویں یہ کہ حساب سے محفوظ رہیں گے۔

بے نمازی کو پندرہ قسم کا عذاب

اور جو شخص نمازمیں سستی کرتا ہے اُس کو پندرہ طریقہ سے عتاب ہوتا ہے۔ پانچ طرح دنیا میں اور تین طرح سے موت کے وقت اور تین طرح قبر میں اور تین طرح قبر سے نکلنے کے بعد۔

www.ahnafmedia.com

دنیا کے پانچ عذاب

دنیا کے پانچ عذاب تو یہ ہیں۔

(۱) اول یہ کہ اس کی زندگی میں برکت نہیں رہتی

(۲) دوسرے یہ کہ صلحاء کا نور اُس کے چہرے سے ہٹادیا جاتا ہے۔

(۳) تیسرے یہ کہ اُس کے نیک کاموں کا اجر ہٹادیا جاتا ہے۔

(۴) چوتھے اُس کی دعائیں قبول نہیں ہوتیں۔

(۵) پانچویں یہ کہ نیک بندوں کی دعاؤں میں اُس کا استحقاق نہیں رہتا۔

موت کے وقت تین عذاب

اور موت کے وقت تین عذاب یہ ہیں۔

اول ذلت سے مرتا ہے۔

دوسرے یہ کہ بھوکا مرتا ہے۔

تیسرے پیاس کی شدت میں موت آتی ہے۔ (اگر سمندر بھی پی لے تو پیاس نہیں بجھتی۔)

www.ahnafmedia.com

قبر کے تین عذاب

قبر کے تین عذاب یہ ہیں۔

(۱) اول قبر اُس پر اتنی تنگ ہو جاتی ہے کہ پسلیاں ایک دوسرے میں گھس جاتی ہیں

(۲) دوسرے قبر میں آگ جلادی جاتی ہے۔

(۳) تیسرے قبر میں ایک سانپ اُس پر ایسی شکل کا مسلط ہوتا ہے جس کی آنکھیں آگ کی ہوتی ہیں اور ناخن لوہے کے اتنے لانبے کہ ایک دن پورا چل کر ان کے ختم تک پہنچا جائے۔ اُس کی آواز بجلی کی کڑک کی طرح ہوتی ہے۔ وہ یہ کہتا ہے کہ مجھے میرے رب نے تجھ پر مسلط کیا ہے کہ تجھے صبح کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے آفتاب نکلنے تک مارے جاؤں اور ظہر کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے عصر تک مارے جاؤں اور پھر عصر کی نماز ضائع کرنے کی وجہ سے غروب تک اور مغرب کی نماز کی وجہ سے عشاء تک اور عشاء کی نماز کی وجہ سے صبح تک مارے جاؤں جب وہ ایک دفعہ اُس کو مارتا ہے تو اس کی وجہ سے وہ مردہ ستر ہاتھ زمین میں دھنس جاتا ہے۔ اسی طرح قیامت تک اس کو عذاب ہوتا رہے گا۔

www.ahnafmedia.com

قبر سے نکلنے پر تین عذاب

اور قبر سے نکلنے کے بعد تین عذاب یہ ہیں۔

(۱) ایک حساب سختی سے کیا جائے گا۔

(۲) دوسرے حق تعالیٰ شانہ کا اُس پر غصہ ہوگا۔

(۳) تیسرے جہنم میں داخل کردیا جائے گا۔ یہ کل میزان چودہ ہوئیں ممکن ہے پندرھواں بھول سے رہ گیا ہو۔

اور ایک روایت یہ بھی ہے کہ اُس کے چہرے پر تین سطریں لکھی ہوئی ہوتی ہیں۔ پہلی سطر! او اللہ کے حق کو ضائع کرنے والے۔ دوسری سطر! او اللہ کے غصہ کے ساتھ مخصوص۔ تیسری سطر جیسا کہ تونے دنیا میں اللہ کے حق کو ضائع کیا آج تو اللہ کی رحمت سے مایوس ہے۔ (فضائل نماز)

جماعت کی فضیلت واہمیت

جماعت کی نماز کا ثواب تین کروڑ نمازوں سے زیادہ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ جماعت کی نماز اکیلے کی نماز سے ستائیس درجے زیادہ ہوتی ہے۔ (الترغیب)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ آدمی کی وہ نماز جو جماعت سے پڑھی گئی ہو اُس نماز سے جو گھر میں پڑھ لی ہو یا بازار میں پڑھ لی ہو پچیس درجہ المضاعف ہوتی ہے، اور بات یہ ہے کہ جب آدمی وضو کرتا ہے اور وضو کو کمال درجہ تک پہنچا دیتا ہے، پھر مسجد کی طرف نماز کے ارادہ سے چلتا ہے کوئی اور ارادہ اُس کے ساتھ شامل نہیں ہوتا تو جو قدم بھی رکھتا ہے اُس کی وجہ سے ایک نیکی بڑھ جاتی ہے اور ایک خطا معاف ہو جاتی ہے اور پھر جب نماز پڑھ کر اسی جگہ بیٹھا رہتا ہے تو جب تک وہ باوضو بیٹھا رہے گا فرشتے اُس کیلئے مغفرت اور رحمت کی دعا کرتے رہتے ہیں اور جب تک آدمی نماز کے انتظار میں رہتا ہے وہ نماز کا ثواب پاتا رہتا ہے۔ (الترغیب)

فائدہ:

بعض علماء نے ان احادیث کے بارے میں فرمایا ہے کہ پہلے جماعت کی نماز کا ثواب پچیس گنا تھا، بعد میں ستائیس گنا کر دیا گیا اور بعض علماء نے یہ فرمایا ہے کہ حدیثِ بالا میں المضاعف کا ترجمہ دوچند اور دو گنا کا ہے اور مطلب یہ ہے کہ جماعت کی نماز کا ثواب پچیس مرتبہ تک دو گنا ہوتا چلا جاتا ہے،

اس صورت میں جماعت کی ایک نماز کا ثواب تین کروڑ پینتیس لاکھ چوّن ہزار چار سو بتیس درجہ ہوا، حق تعالیٰ شانہ کی رحمت سے یہ ثواب کچھ بعید نہیں جیسا کہ ایک نماز چھوڑنے پر دو کروڑ اٹھاسی لاکھ سال تک دوزخ میں جلنے کا ذکر گزر چکا ہے (خلاصہ از فضائل نماز)

مسجد میں اہتمام نماز سنت ہے

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہے کہ کل قیامت کے دن اللہ جل شانہ کی بارگاہ میں مسلمان بن کر حاضر ہو وہ ان نمازوں کو ایسی جگہ ادا کرنے کا اہتمام کرے جہاں اذان ہوتی ہے یعنی مسجد میں، اس لیے کہ حق تعالیٰ شانہ نے تمہارے نبی علیہ الصلوٰۃ والسلام کیلئے ایسی سنتیں جاری فرمائی ہیں جو سراسر ہدایت ہیں، ان ہی میں سے یہ جماعت کی نمازیں بھی ہیں۔ اگر تم لوگ اپنے گھروں میں نماز پڑھنے لگو گے جیسا کہ فلاں شخص پڑھتا ہے تو تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے چھوڑنے والے ہو گے اور یہ سمجھ لو کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو چھوڑ دو گے تو گمراہ ہو جاؤ گے۔

اور جو شخص اچھی طرح وضو کرے، اس کے بعد مسجد کی طرف جائے تو ہر ہر قدم پر ایک ایک نیکی لکھی جائے گی اور ایک ایک خطا معاف ہوگی اور ہم تو اپنا یہ حال دیکھتے تھے کہ جو شخص کھلم کھلا منافق ہوتا وہ تو جماعت سے رہ جاتا تھا (ورنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں عام منافقوں کو بھی جماعت چھوڑنے کی ہمت نہ ہوتی تھی) یا کوئی سخت بیمار، ورنہ جو شخص دو آدمیوں کے سہارے سے گھسٹتا ہوا جاسکتا تھا وہ بھی صف میں کھڑا کر دیا جاتا تھا۔ (الترغیب)

دو پروانے

نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص چالیس دن اخلاص کے ساتھ اس طرح نماز باجماعت پڑھے کہ تکبیرِ اولیٰ فوت نہ ہو تو اس کو دو پروانے (پرچے) ملتے ہیں، ایک پروانہ جہنم سے چھٹکارے کا، دوسرا نفاق سے بَری ہونے کا۔ (الترغیب)

جماعت کا ثواب مل جانا

نبیِ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اچھی طرح وضو کرے پھر مسجد میں نماز کے لیے جائے اور وہاں پہنچ کر معلوم ہو کہ جماعت ہو چکی ہے تو بھی اس کو جماعت کی نماز

کا ثواب ہوگا اور اس ثواب کی وجہ سے ان لوگوں کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی جنھوں نے جماعت سے نماز پڑھی ہے۔ (الترغیب)

ترک جماعت کا وبال

نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اذان کی آواز سنے اور بلا کسی عذر کے نماز کو نہ جائے (وہیں پڑھ لے) تو وہ نماز قبول نہیں ہوتی۔ صحابہؓ نے عرض کیا کہ عذر سے کیا مراد ہے؟ ارشاد ہوا کہ مرض ہو یا کوئی خوف ہو۔ (الترغیب)

فائدہ:

مطلب یہ ہے کہ فرض تو ذمہ سے اُتر جائے گا لیکن اس نماز پر جو اجر وثواب منجانب اللہ عطا ہوتا وہ نہ ملے گا جو زبردست محرومی اور بڑی محرومی کی بات ہے۔

ظلم، کفر اور نفاق

نبیؐ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے کہ سراسر ظلم ہے، کفر ہے اور نفاق ہے (اس شخص کا فعل) جو اللہ کے منادی (مؤذن) کی آواز سنے اور نماز کو نہ آئے۔ (الترغیب)

www.ahnafmedia.com

فائدہ:

اس حدیث میں جماعت چھوڑنے کو کافروں اور منافقوں کا فعل بتایا ہے جو مسلمان کے لیے سخت تنبیہ اور ڈرنے کی بات ہے۔

گھروں کو جلانا

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں کہ میرا دل چاہتا ہے کہ چند جوانوں سے کہوں کہ بہت سا ایندھن اکٹھا کر کے لائیں پھر میں ان لوگوں کے پاس جاؤں جو بلا عذر گھروں میں نماز پڑھ لیتے ہیں اور جا کر ان کے گھروں کو جلا دوں۔ (الترغیب)

جماعت چھوڑنے والا جہنمی ہے

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کسی نے پوچھا کہ ایک شخص دن بھر روزہ رکھتا ہے اور رات بھر نفلیں پڑھتا ہے مگر جمعہ اور جماعت میں شریک نہیں ہوتا (اس کے متعلق کیا حکم ہے؟) آپ نے فرمایا یہ شخص جہنمی ہے۔ (الترغیب)

www.ahnafmedia.com

فائدہ:

ان احادیث سے جماعت کی اہمیت اور تاکید واضح ہے اس لیے ملازمت، تجارت اور زراعت کی عام مشغولیت میں جماعت چھوڑنا درست نہیں ہے کہ دنیا کی خاطر نماز با جماعت چھوڑنا بڑے خسارے اور وبال کی بات ہے سمجھ لیجیے! قبر و آخرت میں نماز کام آئے گی دنیا والے کام نہیں آئیں گے ہم دنیا میں اکیلے آئے تھے اور اکیلے ہی جانا ہے غور کرلیجیے!

خشوع و خضوع

نماز میں خشوع و خضوع کی بہت تاکید ہے، اس کے بغیر نماز قبول نہیں ہوتی، اور خشوع اس کو کہتے ہیں کہ نمازی نماز کے اندر اپنے اختیار سے دھیان اللہ تعالیٰ کی طرف رکھے یا جو کچھ نماز میں پڑھا جاتا ہے اس کے الفاظ یا معنیٰ کی طرف توجہ رکھے۔ اپنے اختیار سے ادھر اُدھر نہ لے جائے البتہ غیر اختیاری طور پر دھیان بھٹکنا خشوع کے خلاف نہیں ہے، اور

www.ahnafmedia.com

خضوع اس کو کہتے ہیں کہ نماز ادا کرنے کے دوران نمازی پر سکون و اطمینان کی کیفیت قائم رہے اور تمام ارکان سکون و وقار سے ادا ہوں، عجلت اور جلد بازی نہ کی جائے۔لیجئے!اب احادیث طیبہ سے خشوع وخضوع کی اہمیت ملاحظہ کیجیے!

نماز کی دعا اور بد دعا

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد مروی ہے کہ جو شخص نمازوں کو اپنے وقت پر پڑھے وضو بھی اچھی طرح کرے، خشوع و خضوع سے بھی پڑھے۔ کھڑا بھی پورے وقار سے ہو، پھر اسی طرح رکوع وسجدہ بھی اچھی طرح سے اطمینان سے کرے۔ غرض ہر چیز کو اچھی طرح ادا کرے تو وہ نماز نہایت روشن چمکدار بن کر جاتی ہے اور نمازی کو دعا دیتی ہے کہ اللہ تعالیٰ شانہ تیری بھی ایسی ہی حفاظت کرے جیسی تو نے میری حفاظت کی، اور جو شخص نماز کو بری طرح پڑھے، وقت کو بھی ٹال دے، وضو بھی اچھی طرح نہ کرے، رکوع وسجدہ بھی اچھی طرح نہ کرے تو وہ نماز بری صورت سے سیاہ رنگ میں بد دعا دیتی ہوئی جاتی ہے کہ اللہ تعالیٰ تجھے بھی ایسا ہی برباد کرے جیسا تو نے مجھے ضائع کیا۔

www.ahnafmedia.com

اُس کے بعد وہ نماز بُرانے کپڑے کی طرح لپیٹ کر نمازی کے منہ پر ماردی جاتی ہے۔ (الترغیب)

نماز میں سکون

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی والدہ حضرت ام رومان رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں ایک مرتبہ نماز پڑھ رہی تھی نماز میں اِدھر اُدھر جھکنے لگی۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دیکھ لیا تو مجھے اس زور سے ڈانٹا کہ میں (ڈر کی وجہ سے) نماز توڑنے کے قریب ہو گئی۔ پھر ارشاد فرمایا کہ میں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا ہے کہ جب کوئی شخص نماز کیلئے کھڑا ہو تو اپنے تمام بدن کو سکون سے رکھے، یہود کی طرح ہلے نہیں، بدن کے تمام اعضاء کا نماز میں بالکل سکون سے رہنا نماز کے پورا ہونے کا جزو ہے۔ (الجامع الصغیر)

عذاب سے حفاظت

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے سنا کہ جو قیامت کے دن پانچوں نمازیں ایسی لے کر حاضر ہو کہ ان کے اوقات کی بھی حفاظت کرتا رہا ہو اور وضو کا بھی اہتمام کرتا رہا ہو، اور ان نمازوں کو

www.ahnafmedia.com

خشوع و خضوع سے پڑھتا رہا ہو تو حق تعالیٰ شانہ نے عہد فرمالیا ہے کہ اُس کو عذاب نہیں دیا جائے گا اور جو ایسی نمازیں نہ لے کر حاضر ہو اُس کیلئے کوئی وعدہ نہیں ہے، چاہے اپنی رحمت سے معاف فرمادیں چاہے عذاب دیں۔ (الترغیب)

بد ترین چور

حضرت ابو قتادہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ سرکار دوعالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ بد ترین چوری کرنے والا وہ شخص ہے جو نماز سے بھی چوری کر لے۔ صحابہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ! نماز میں سے کس طرح چوری کرے گا؟ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ اس کا رکوع اور سجدہ اچھی طرح سے نہ کرے۔ (الترغیب)

خشوع اٹھ جانا

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبیٔ اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سب سے پہلے اس اُمت سے نماز کا خشوع اُٹھایا جائے گا، تو دیکھے گا کہ (بھری مسجد میں) ایک شخص بھی خشوع سے نماز پڑھنے والا نہ ہو گا۔

مذکورہ تمام احادیثِ مبارکہ سے واضح ہوا کہ نماز

www.ahnafmedia.com

نہایت پابندی سے پڑھنی چاہیئے اور کامل طریقہ سے پورے خشوع وخضوع کے ساتھ ادا کرنی چاہیئے۔ لیجئے! اب آپ نماز کے فرائض وواجبات پڑھیے اور پھر نماز کا کامل طریقہ پڑھیے اور اپنی نمازیں درست کیجیے۔ ماں باپ کی ذمہ داری ہے کہ وہ خود بھی آنے والے طریقہ کے مطابق اپنی اپنی نماز درست کریں اور اپنے لڑکوں اور لڑکیوں کی نماز بھی صحیح کریں اور کبھی کبھی اپنی نماز اس کے مطابق جانچتے رہا کریں۔

نماز کے فرائض

نماز میں چھ فرض ہیں، انہیں "ارکانِ نماز" بھی کہتے ہیں۔

(۱) تکبیرہ تحریمہ کہنا۔

(۲) قیام کرنا، یعنی کھڑے ہو کر نماز پڑھنا۔

(۳) قرآت کرنا، یعنی قرآن کریم کی کوئی سورت یا آیت پڑھنا۔

(۴) رکوع کرنا۔

(۵) دونوں سجدے کرنا۔

(۶) قعدۂ اخیرہ کرنا۔ یعنی نماز کے اخیر میں جتنی دیر

التحیات میں لگتی ہے اتنی دیر بیٹھنا۔

(از ۱ تا ۶ ہدایہ، درمختار)

فرائض کا حکم

ان کا حکم یہ ہے کہ اگر ان میں سے ایک بھی جان کر یا بھول کر چھوٹ جائے تو نماز نہیں ہوتی بلکہ جس نماز میں کوئی فرض ادائیگی سے رہ گیا ہو اسے نئے سرے سے پڑھنا ضروری ہے۔ (شامی)

نماز کے واجبات

(۱) فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں میں قرات کرنا۔
(۲) الحمد شریف پڑھنا۔
(۳) الحمد کے بعد کوئی سورت ملانا۔
(۴) ترتیب سے نماز پڑھنا۔
(۵) قومہ کرنا یعنی رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا۔
(۶) جلسہ کرنا یعنی دونوں سجدوں کے درمیان بیٹھنا۔
(۷) سکون واطمینان سے نماز پڑھنا۔
(۸) پہلا قعدہ کرنا اگر نماز دو رکعت سے زیادہ ہو۔
(۹) دونوں قعدہ میں ایک ایک بار التحیات پڑھنا۔

www.ahnafmedia.com

(۱۰) جہری نمازوں جیسے فجر، مغرب، عشاء، جمعہ، عیدین، تراویح اور وتر رمضان میں امام کو بلند آواز سے قرأت کرنا، اور سرّی نمازوں جیسے ظہر اور عصر ان میں آہستہ قرأت کرنا۔

(۱۱) قرأت کی ترتیب میں الحمد شریف سورت سے پہلے پڑھنا۔

(۱۲) کم از کم لفظ "السلام" کے ذریعہ نماز ختم کرنا۔ دوسرا سلام بھی واجب ہے۔

(۱۳) وتر میں دعاء قنوت پڑھنا۔

(۱۴) عیدین کی نماز میں زائد تکبیریں کہنا۔

از ۱ تا ۱۴ در مختار مع رد المحتار)

واجبات کا حکم:

ان کا حکم یہ ہے کہ اگر ان میں سے ایک بھی یا چند بھول کر چھوٹ جائیں تو سجدہ سہو کرنے سے نماز ہو جاتی ہے اور واجب چھوٹنے سے نماز میں جو کمی ہو گئی تھی اس کی تلافی ہو جاتی ہے، اور اگر جان بوجھ کر کوئی واجب چھوڑ دے تو پھر سجدہ سہو کرنے سے نماز نہیں ہوگی، نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی۔ اس طرح نماز کا کوئی واجب بھول کر چھوٹ جائے اور پھر نماز

www.ahnafmedia.com

کے آخر میں نمازی سجدۂ سہو کرنا بھی بھول جائے اور سلام پھیرنے کے بعد جان کر نماز کے منافی کوئی ایسا کام کرے جس کی وجہ سے بناء نہ ہو سکے تو بھی نماز دوبارہ پڑھنا واجب ہے۔ (درمختار)

نماز کی سنتیں

نماز میں تقریباً ۵۱، سنتیں ہیں جو "طحطاوی علی مراقی الفلاح" سے لی گئی ہیں جن میں اکثر سنت مؤکدہ ہیں اور کچھ سنت غیر مؤکدہ، سمجھنے میں آسانی کے لیے انہیں چھ حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

قیام میں ۱۶ سنتیں ہیں

(۱) تکبیر تحریمہ بغیر سر جھکائے سیدھے کھڑے ہو کر کہنا۔

(۲) قیام میں مرد کو دونوں پاؤں کے درمیان چار انگشت کا فاصلہ رکھنا۔

(۳) مرد کو تکبیر تحریمہ کے لیے دونوں ہاتھ کانوں تک اُٹھانا، اور عورت کو کندھوں تک اٹھانا۔

(۴) تکبیر تحریمہ میں انگلیاں کشادہ رکھنا اور ہتھیلیوں اور انگلیوں کو قبلہ رخ رکھنا۔

(۵) مقتدی کی تکبیر تحریمہ کا امام کی تکبیر سے اس طرح ملی ہونا کہ امام کے اللہ اکبر کا "ر" مقتدی کے اللہ اکبر کے "ر" سے پہلے ادا ہو جائے یعنی مقتدی کی تکبیر امام کی تکبیر کے بعد ختم ہو، امام کی تکبیر سے پہلے مقتدی کی تکبیر ختم نہ ہو۔

(۶) تکبیر تحریمہ کے بعد مرد کو داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ پر ناف کے نیچے باندھنا اس طرح سے کہ داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر ہو اور انگوٹھا اور چھنگلی کا حلقہ بنالیا جائے اور درمیان کی تین انگلیاں ملا کر کلائی کی سیدھ میں بچھالی جائیں۔

(۷) عورت کو دونوں ہاتھ سینہ پر بغیر حلقہ بنائے اس طرح رکھنا کہ داہنا ہاتھ بائیں ہاتھ کے اوپر ہو۔

(۸) پہلی رکعت میں سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ الخ پڑھنا۔

(۹) پہلی رکعت میں اعوذ باللہ الخ پڑھنا۔

(۱۰) ہر رکعت کے شروع میں بسم اللہ الخ پڑھنا۔

(۱۱) امام، مقتدی اور منفرد تینوں کو الحمد شریف کے ختم پر آمین کہنا۔

(۱۲) ثناء، تعوذ، تسمیہ اور آمین کو آہستہ کہنا۔

www.ahnafmedia.com

(۱۲) مقیم کو فجر اور ظہر میں طوال مفصل (از سورۂ حجرات تا بروج) میں سے کوئی سورت پڑھنا اور عصر اور عشاء میں اوساط مفصل (از سورۂ بروج تا بینہ) میں سے کوئی سورت پڑھنا اور مغرب میں قصار مفصل (از سورۂ بینہ تا سورۂ ناس) میں سے کوئی سورۃ پڑھنا۔ مسافر کو اختیار ہے جونسی سورۃ چاہے پڑھے۔

(۱۴) فجر کی نماز میں پہلی رکعت کو دوسری رکعت کے مقابلہ میں طویل کرنا۔

(۱۵) امام کو تکبیر تحریمہ، دوسری تکبیریں اور سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بلند آواز سے کہنا۔

(۱۶) فرض نماز کی پہلی دو رکعتوں کے بعد والی دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھنا اگر نماز دو رکعت سے زیادہ ہو۔

رکوع میں ۷ سنتیں ہیں

(۱) رکوع کے لیے تکبیر کہنا۔

(۲) دونوں ہاتھوں سے گھٹنوں کو پکڑنا۔

(۳) گھٹنے پکڑتے وقت مرد کو ہاتھ کی انگلیاں کشادہ رکھنا۔ عورتیں انگلیاں ملا کر رکھیں گی۔

④ پنڈلیوں کو سیدھا کھڑا رکھنا۔

⑤ پیٹھ کو پھیلانا۔

⑥ سر اور سُرین برابر رکھنا۔

⑦ کم از کم تین بار رکوع کی تسبیح سُبْحَانَ رَبِّیَ الْعَظِیْم کہنا۔

قومہ میں ۵ سنتیں ہیں

① رکوع سے اُٹھنا۔

② رکوع سے اُٹھتے وقت سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ کہنا۔

③ رکوع کے بعد اطمینان سے کھڑا ہونا۔

④ مقتدی اور اکیلے نماز پڑھنے والے کو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ کہنا۔

⑤ امام کو سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ بلند آواز سے کہنا اور مقتدی اور منفرد کو رَبَّنَا لَکَ الْحَمْدُ آہستہ آواز سے کہنا۔

سجدہ میں ۱۰ سنتیں ہیں

① سجدہ میں جاتے وقت اللہ اکبر کہنا۔

② پہلے دونوں گھٹنے پھر دونوں ہاتھ، پھر ناک اور پھر

پیشانی زمین پر رکھنا۔

(۳) سجدہ کا دونوں ہتھیلیوں کے درمیان ہونا، اس طریقہ سے کہ دونوں ہاتھ کی انگلیاں ملی ہوئی ہوں۔

(علم الفقہ صفحہ ۶۸)

(۴) مرد کا اپنے پیٹ کو رانوں سے، کہنیوں کو پہلو سے اور کلائیوں کو زمین سے جدا رکھنا۔

(۵) عورتوں کا اپنے پیٹ کو رانوں سے، کہنیوں کو پہلو سے ملا کر رکھنا اور بانہوں کو زمین پر بچھا ہوا رکھنا۔

(۶) سجدہ کی حالت میں دونوں پیروں کی اُنگلیوں کا رُخ قبلہ کی طرف رکھنا۔ (علم الفقہ صفحہ ۲۸)

(۷) تین مرتبہ سجدہ کی تسبیح پڑھنا۔

۸) سجدہ سے اُٹھنے کے لیے تکبیر کہنا۔

۹) سجدہ سے اٹھتے وقت پہلے پیشانی، پھر ناک، پھر ہاتھ اور پھر گھٹنوں کو اُٹھانا۔

(۱۰) دونوں سجدوں کے درمیان جلسہ کرنا، اس طریقہ سے کہ دونوں ہاتھ دونوں رانوں پر ہوں جس طرح التحیات میں رکھتے ہیں۔

www.ahnafmedia.com

قعدہ میں ۵ سنتیں ہیں

(۱) مرد کا دائیں پیر کو کھڑا کرنا اور انگلیوں کو حتی الامکان قبلہ رُخ رکھنا اور بائیں پیر کو بچھالینا۔

(۲) اور عورتوں کو "تورک" کرنا یعنی اپنے بائیں سرین پر بیٹھنا۔ اور دائیں ران کو بائیں پر رکھنا اور بایاں پیر داہنی طرف نکال دینا اور دونوں ہاتھ بدستور رانوں پر رکھنا۔

(۳) شہادت کی اُنگلی سے اشارہ کرنا اس طریقہ سے کہ لاالٰہ کہتے وقت انگلی اٹھانا اور الا اللہ کہتے وقت گرادینا۔

(۴) قعدۂ اخیرہ میں درود شریف پڑھنا۔

(۵) قعدۂ اخیرہ میں درود شریف کے بعد کوئی ماثورہ دعا کرنا۔

سلام میں ۸ سنتیں ہیں

(۱) سلام پھیرتے وقت دائیں اور بائیں طرف منہ پھیرنا اور منہ پھیرتے وقت پہلے دائیں طرف منہ پھیرنا پھر بائیں طرف۔

(۲) دوسرا سلام پہلے سلام کے مقابلہ میں کچھ ہلکی آواز سے پھیرنا۔

www.ahnafmedia.com

(۳) مقتدی کا سلام امام کے سلام کے ساتھ ملا ہونا۔

(۴) امام کا دونوں سلاموں میں نمازیوں، فرشتوں اور نیک جنات کی نیت کرنا۔

(۵) مقتدی کا نمازیوں، فرشتوں اور نیک جنات کے ساتھ جس طرف امام ہو اس طرف امام کی نیت بھی کرنا اور اگر بالکل سامنے ہو تو دونوں سلاموں میں امام کی نیت کرنا۔

(۶) منفرد کو دونوں سلاموں میں صرف فرشتوں کی نیت کرنا۔

(۷) ہر عمل دائیں طرف سے شروع کرنا۔

(۸) مسبُوق کو امام کے فارغ ہونے کا انتظار کرنا۔

سنتوں کا حکم:

ان کا حکم یہ ہے کہ اگر نمازی ان میں سے کسی سنت کو جان کر چھوڑ دے تو نماز فاسد نہیں ہوتی، اور سجدۂ سہو بھی واجب نہیں ہوتا لیکن نماز مکروہ ہو جاتی ہے اور اگر بھول کر کوئی سنت چھوٹ جائے تو نماز مکروہ نہیں ہوتی۔ (در مختار)

www.ahnafmedia.com

نماز کے مستحبات

نماز میں یہ مستحب ہیں

① اگر کوئی عذر نہ ہو تو تکبیر تحریمہ کہتے وقت مردوں کو اپنے دونوں ہاتھ آستین یا چادر وغیرہ سے نکالنا، اور عورتوں کو ہاتھ باہر نہ نکالنا بلکہ چادر یا دوپٹہ وغیرہ میں چھپائے رکھنا۔ (طحطاوی علی مراقی الفلاح)

② نمازی کو بحالت نماز کھڑے ہونے کی حالت میں اپنی نگاہ سجدے کی جگہ جمائے رکھنا اور رکوع میں قدموں پر، سجدے میں ناک پر، بیٹھنے کی حالت میں اپنی گود میں اور سلام پھیرتے وقت اپنے کندھوں پر رکھنا۔ (درمختار)

③ کھانسی اور جمائی کو حتی الامکان روکنا۔

جمائی روکنے میں دانتوں سے نچلے ہونٹ کو دبائیں پھر بھی نہ رُکے تو قیام کی حالت میں داہنا ہاتھ رکھ کر روکیں اور قیام کے علاوہ نماز کی باقی حالتوں میں بائیں ہاتھ کے ذریعے روکنے کی کوشش کریں نیز جمائی روکنے کا ایک عمدہ اور مجرب طریقہ یہ ہے کہ جب جمائی کی ابتدا ہو تو فوراً اپنے دل میں یہ خیال کریں کہ انبیاء علیہم السلام کو کبھی جمائی نہیں آئی۔

www.ahnafmedia.com

صاحب قدوری رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ میں نے بارہا اس کا تجربہ کیا اور ٹھیک پایا۔ علامہ شامی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں کہ میں نے بھی اس نسخہ کو آزمایا اور صحیح پایا آپ بھی تجربہ کرلیجیے۔

(۵) جب جماعت کے لیے اقامت کہی جائے تو نمازی کس وقت کھڑے ہوں۔ اس میں تین آداب ہیں۔

(۱) اگر پہلے سے امام محراب کے قریب موجود ہو تو حی علی الفلاح تک نمازی بیٹھے رہ سکتے ہیں، حضرت امام زفر رحمۃ اللہ علیہ کے نزدیک حی علی الصلوٰۃ پر کھڑے ہو جائیں۔

(۲) اگر امام محراب کے قریب پہلے سے موجود نہ ہو بلکہ نمازیوں کے پیچھے سے آرہا ہو تو جس صف میں امام پہنچے وہ صف کھڑی ہوتی جائے۔

(۳) اگر امام مسجد کے سامنے سے آرہا ہو تو جونہی اس پر نظر پڑے تو سارے نمازی کھڑے ہو جائیں۔

(درمختار و طحطاوی علی مراقی الفلاح)

(۵)۔ امام کو قد قامت الصلوٰۃ کے فوراً بعد تکبیر تحریمہ کہنا۔ لیکن زیادہ صحیح یہ ہے کہ اقامت ختم ہونے کے بعد تکبیر تحریمہ کہے۔ (درمختار و طحطاوی علی مراقی الفلاح)

www.ahnafmedia.com

(۶) پہلے اور آخری قعدہ میں وہی خاص التحیات پڑھنا جو عموماً پڑھی جاتی ہے جو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔ (علم الفقہ)

(۷) وتر میں دعاء قنوت کی وہی خاص دعا پڑھنا جو عام طور پر معمول ہے۔ یعنی
اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِیْنُکَ الخ اور اس کے ساتھ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَ عَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ پڑھنا بھی اولیٰ ہے۔ (علم الفقہ)

مستحبات کا حکم:

ان کا حکم یہ ہے کہ انہیں اختیار کرنا افضل ہے اور چھوڑ دینے سے کوئی گناہ نہیں ہوتا اور نہ نماز میں کوئی کراہت آتی ہے۔ (در مختار)

مردوں کا طریقۂ نماز

نماز دین کا ستون ہے۔ اس کو ٹھیک ٹھیک سنت کے مطابق ادا کرنا ہر مسلمان کی ذمہ داری ہے، ہم لوگ بے

www.ahnafmedia.com

فکری کے ساتھ نماز کے ارکان جس طرح سمجھ میں آتا ہے، ادا کرتے رہتے ہیں اور اس بات کی فکر نہیں کرتے کہ وہ ارکان مسنون طریقے سے ادا ہوں، اس کی وجہ سے ہماری نمازیں سنت کے انوار و برکات سے محروم رہتی ہیں، حالانکہ ان ارکان کو ٹھیک ٹھیک ادا کرنے سے نہ وقت زیادہ خرچ ہوتا ہے، نہ محنت زیادہ ہوتی ہے، بس ذرا سی توجہ کی بات ہے، لہذا ذیل میں سنت کے مطابق نماز پڑھنے کا نہایت آسان طریقہ تحریر کیا جاتا ہے، ذرا سی توجہ اور عادت ڈالنے سے ہماری نماز سنت کے مطابق ہو سکتی ہے۔

نماز شروع کرنے سے پہلے

یہ باتیں یاد رکھیے اور ان پر عمل کا اطمینان کرلیجیے!

(۱) آپ کا رخ قبلے کی طرف ہونا ضروری ہے۔

(۲) آپ کو سیدھا کھڑے ہونا چاہیئے اور آپ کی نظر سجدے کی جگہ پر ہونی چاہیئے۔ گردن کو جھکا کر ٹھوڑی سینے سے لگا لینا بھی مکروہ ہے۔ اور بلاوجہ سینے کو جھکا کر کھڑا ہونا بھی درست نہیں۔ اس طرح سیدھے کھڑے ہوں کہ نظر سجدے کی جگہ پر رہے۔

(۳) آپ کے پاؤں کی انگلیوں کا رُخ بھی قبلے کی جانب رہے، اور دونوں پاؤں سیدھے قبلہ رُخ ہیں (پاؤں کو دائیں بائیں ترچھا رکھنا خلاف سنت ہے) دونوں پاؤں قبلہ رخ ہونے چاہئیں۔

(۴) دونوں پاؤں کے درمیان کم از کم چار اُنگل کا فاصلہ ہونا چاہیئے۔

(۵) جماعت کی صورت میں اس بات کا بھی اطمینان کرلیں کہ دائیں بائیں کھڑے ہونے والوں کے بازوؤں کے ساتھ آپ کے بازو ملے ہوئے ہیں اور بیچ میں کوئی خلا نہیں ہے۔

(۶) پاجامے کو ٹخنے سے نیچے لٹکانا ہر حالت میں ناجائز ہے، ظاہر ہے کہ نماز میں اس کی شناعت اور بڑھ جاتی ہے، لہٰذا اس کا اطمینان کرلیں کہ پاجامہ ٹخنے سے اونچا ہے۔

(۷) ہاتھ کی آستینیں پوری طرح ڈھکی ہوئی ہونی

www.ahnafmedia.com

چاہئیں، صرف ہاتھ کھلے رہیں بعض لوگ آستینیں چڑھا کر نماز پڑھتے ہیں، یہ طریقہ درست نہیں ہے۔

(۸) ایسے کپڑے پہن کر نماز میں کھڑے ہونا مکروہ ہے جنہیں پہن کر انسان لوگوں کے سامنے نہ جاتا ہو۔

نماز شروع کرتے وقت

(۱) دل میں نیت کرلیں کہ میں فلاں نماز پڑھ رہا ہوں، زبان سے نیت کے الفاظ کہنا ضروری نہیں۔

(۲) ہاتھ کانوں تک اس طرح اُٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رُخ قبلے کی طرف ہو، اور انگوٹھوں کے سرے کان کی لو سے یا تو بالکل مل جائیں، یا اُس کے برابر آجائیں اور باقی انگلیاں اوپر کی طرف سیدھی ہوں، بعض لوگ ہتھیلیوں کا رُخ قبلے کی طرف کرنے کے بجائے کانوں کی طرف کرلیتے ہیں۔

بعض لوگ کانوں کو ہاتھوں سے ڈھک لیتے ہیں۔

بعض لوگ ہاتھ پوری طرح کانوں تک اُٹھانے بغیر ہلکا اشارہ سا کرلیتے ہیں۔ بعض لوگ کان کی لو کو ہاتھوں سے پکڑ لیتے ہیں۔

یہ سب طریقے غلط اور خلافِ سنت ہیں۔ ان کو چھوڑنا چاہیئے۔

www.ahnafmedia.com

(۳) مذکورہ بالا طریقے پر ہاتھ اُٹھاتے وقت اللہ اکبر کہیں، پھر دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور چھوٹی اُنگلی سے بائیں پہنچے (گٹے) کے گرد حلقہ بنا کر اُسے پکڑلیں اور باقی تین اُنگلیوں کو بائیں ہاتھ کی پشت پر اس طرح پھیلادیں کہ تینوں اُنگلیوں کا رُخ کہنی کی طرف رہے۔

(۴) دونوں ہاتھوں کو ناف سے ذرا نیچے رکھ کر مذکورہ بالا طریقے سے باندھ لیں۔

کھڑے ہونے کی حالت میں

(۱) اگر اکیلے نماز پڑھ رہے ہوں، یا امامت کر رہے ہوں تو پہلے سبحانک اللّٰھم الخ، پھر اعوذ باللہ، پھر بسم اللہ پڑھیں، پھر سورۂ فاتحہ، پھر کوئی اور سورت پڑھیں، اور اگر کسی امام کے پیچھے ہوں تو صرف سبحانک اللّٰھم پڑھ کر خاموش ہو جائیں، اور امام کی قراءت کو دھیان لگا کر سنیں۔ اگر امام زور سے نہ پڑھ رہا ہو تو زبان ہلائے بغیر دل ہی دل میں سورۂ فاتحہ کا دھیان کیے رکھیں۔

(۲) جب خود قراءت کر رہے ہوں تو سورہ فاتحہ پڑھتے وقت بہتر یہ ہے کہ ہر آیت پر رک کر سانس توڑ دیں، پھر

www.ahnafmedia.com

دوسری آیت پڑھیں، کئی کئی آیتیں ایک سانس میں نہ پڑھیں۔ مثلاً الحمد للہ رب العالمین پر سانس توڑ دیں، پھر رب العالمین پر، پھر مالک یوم الدین پر۔ اس طرح پوری سورۂ فاتحہ پڑھیں، لیکن اس کے بعد کی قراءت میں ایک اگر سانس میں ایک سے زیادہ آیتیں بھی پڑھ لیں تو کوئی حرج نہیں۔

(۳) بغیر کسی ضرورت کے جسم کے کسی حصّے کو حرکت نہ دیں، جتنے سکون کے ساتھ کھڑے ہوں، اتنا ہی بہتر ہے۔ اگر کھجلی وغیرہ کی ضرورت ہو تو صرف ایک ہاتھ استعمال کریں، اور وہ بھی صرف سخت ضرورت کے وقت اور کم سے کم۔

(۴) جسم کا سارا زور ایک پاؤں پر دے کر دوسرے پاؤں کو اس طرح ڈھیلا چھوڑ دینا کہ اس میں خم آجائے نماز کے ادب کے خلاف ہے۔ اس سے پرہیز کریں۔ یا تو دونوں پاؤں پر برابر زور دیں، یا ایک پاؤں پر زور دیں تو اس طرح کہ دوسرے پاؤں میں خم پیدا نہ ہو۔

(۵) جمائی آنے لگے تو اُس کو روکنے کی پوری کوشش کریں۔

(٦) کھڑے ہونے کی حالت میں نظریں سجدے کی جگہ پر رکھیں، اِدھر اُدھر یا سامنے دیکھنے سے پرہیز کریں۔

رکوع میں

رکوع میں جاتے وقت ان باتوں کا خاص خیال رکھیں:

① اپنے اوپر کے دھڑ کو اس حد تک جھکائیں کہ گردن اور پشت تقریباً ایک سطح پر آجائے نہ اس سے زیادہ جھکیں، نہ اس سے کم۔

② رکوع کی حالت میں گردن کو اتنا نہ جھکائیں کہ ٹھوڑی سینے سے ملنے لگے۔ اور نہ اتنا اوپر رکھیں کہ گردن کمر سے بلند ہو جائے، بلکہ گردن اور کمر ایک سطح پر ہو جانی چاہئیں۔

③ رکوع میں پاؤں سیدھے رکھیں، ان میں خم نہ ہونا چاہیئے۔

④ دونوں ہاتھ گھٹنوں پر اس طرح رکھیں کہ دونوں ہاتھ کی اُنگلیاں کھلی ہوئی ہوں، یعنی ہر دو اُنگلیوں کے درمیان فاصلہ ہو، اور اس طرح دائیں ہاتھ سے دائیں گھٹنے کو اور بائیں ہاتھ سے بائیں گھٹنے کو پکڑ لیں۔

⑤ رکوع کی حالت میں کلائیاں اور بازو سیدھے تنے ہوئے رہنے چاہئیں ان میں خم نہیں آنا چاہیئے۔

www.ahnafmedia.com

(۶) کم از کم اتنی دیر رکوع میں رکیں کہ اطمینان سے تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْم کہا جاسکے۔

۷) رکوع کی حالت میں نظریں پاؤں کی طرف ہونی چاہیئیں۔

(۸) دونوں پاؤں پر زور برابر رہنا چاہیئے، اور دونوں پاؤں کے ٹخنے ایک دوسرے کے بالمقابل رہنے چاہیئیں۔

رکوع سے کھڑے ہوتے وقت

(۱) رکوع سے کھڑے ہوتے وقت اتنے سیدھے ہو جائیں کہ جسم میں کوئی خم باقی نہ رہے۔

(۲) اس حالت میں بھی نظر سجدے کی جگہ پر رہنی چاہیئے۔

(۳) بعض لوگ کھڑے ہوتے وقت کھڑے ہونے کے بجائے کھڑے ہونے کا صرف اشارہ کرتے ہیں اور جسم کے جھکاؤ کی حالت ہی میں سجدے کے لیے چلے جاتے ہیں، ان کے ذمے نماز کا لوٹانا واجب ہو جاتا ہے۔ لہذا اس سے سختی کے ساتھ پرہیز کریں جب تک سیدھے ہونے کا اطمینان نہ ہو جائے، سجدے میں نہ جائیں۔

www.ahnafmedia.com

سجدے میں جاتے وقت

سجدے میں جاتے وقت اس طریقے کا خیال رکھیں کہ:-

(۱) سب سے پہلے گھٹنوں کو خم دے کر انہیں زمین کی طرف اس طرح لے جائیں کہ سینہ آگے کو نہ جھکے۔ جب گھٹنے زمین پر ٹک جائیں، اُس کے بعد سینے کو جھکائیں۔

(۲) جب تک گھٹنے زمین پر نہ ٹکیں، اس وقت تک اوپر کے دھڑ کو جھکانے سے حتی الامکان پرہیز کریں۔

آج کل سجدے میں جانے کے اس مخصوص ادب سے بے پروائی بہت عام ہو گئی ہے، اکثر لوگ شروع ہی سے سینہ آگے کو جھکا کر سجدے میں جاتے ہیں، لیکن صحیح طریقہ وہی ہے جو نمبر ۱ اور نمبر ۲ میں بیان کیا گیا، بغیر کسی عذر کے اس کو نہ چھوڑنا چاہیئے۔

(۳) گھٹنوں کے بعد پہلے ہاتھ زمین پر رکھیں، پھر ناک، پھر پیشانی۔

سجدے میں

(۱) سجدے میں سر کو دونوں ہاتھوں کے درمیان اس

طرح رکھیں کہ دونوں انگوٹھوں کے سرے کانوں کی لو کے سامنے ہوجائیں۔

(۲) سجدے میں دونوں ہاتھوں کی انگلیاں بند ہونی چاہیئیں، یعنی انگلیاں بالکل ملی ہوئی ہوں، اور ان کے درمیان فاصلہ نہ ہو۔

(۳) اُنگلیوں کارخ قبلے کی طرف ہونا چاہیئے۔

(۴) کہنیاں زمین سے اٹھی ہوئی چاہیئیں، کہنیوں کو زمین پر ٹیکنادرست نہیں۔

(۵) دونوں بازو پہلوؤں سے الگ ہٹے ہوئے ہونے چاہیئیں، انہیں پہلوؤں سے بالکل ملاکر نہ رکھیں۔

(۶) کہنیوں کودائیں بائیں اتنی دور تک بھی نہ پھیلائیں جس سے برابر کے نماز پڑھنے والوں کو تکلیف ہو۔

(۷) رانیں پیٹ سے ملی ہوئی نہیں ہونی چاہیئیں، پیٹ اور رانیں الگ رکھی جائیں۔

(۸) پورے سجدے کے دوران ناک زمین پر ٹکی رہے، زمین سے نہ اُٹھے۔

(۹) دونوں پاؤں اس طرح کھڑے رکھے جائیں کہ ایڑھیاں اوپر ہوں، اور تمام اُنگلیاں اچھی طرح مُڑ کر قبلہ رخ

www.ahnafmedia.com

ہو گئی ہوں۔ جو لوگ اپنے پاؤں کی بناوٹ کی وجہ سے تمام انگلیاں موڑنے پر قادر نہ ہوں، وہ جتنی موڑ سکیں، اتنی موڑنے کا اہتمام کریں، بلاوجہ انگلیوں کو سیدھا زمین پر ٹیکنا درست نہیں۔

(۱۰) اس بات کا خیال رکھیں کہ سجدے کے دوران پاؤں زمین سے اٹھنے نہ پائیں، بعض لوگ اس طرح سجدہ کرتے ہیں کہ پاؤں کی کوئی انگلی ایک لمحہ کے لیے بھی زمین پر نہیں ٹکتی، اس طرح سجدہ ادا نہیں ہوتا، اور نتیجۃً نماز بھی نہیں ہوتی۔ اس سے اہتمام کے ساتھ پرہیز کریں۔

(۱۱) سجدے کی حالت میں کم از کم اتنی دیر گزاریں کہ تین مرتبہ سُبْحَانَ رَبِّیَ الْاَعْلیٰ اطمینان کے ساتھ کہہ سکیں۔ پیشانی ٹیکتے ہی فوراً اٹھا لینا منع ہے۔

دونوں سجدوں کے درمیان

(۱) ایک سجدے سے اٹھ کر اطمینان سے دوزانو سیدھے بیٹھ جائیں، پھر دوسرا سجدہ کریں۔ ذرا سا سر اٹھا کر سیدھے ہوئے بغیر دوسرا سجدہ کر لینا گناہ ہے۔ اور اس طرح کرنے سے نماز کا لوٹانا واجب ہو جاتا ہے۔

(۲) بایاں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھیں، اور دایاں پاؤں

www.ahnafmedia.com

اس طرح کھڑا کرلیں کہ اس کی انگلیاں مڑ کر قبلہ رخ ہوجائیں۔ بعض لوگ دونوں پاؤں کھڑے کر کے ان کی ایڑھیوں پر بیٹھ جاتے ہیں۔ یہ طریقہ صحیح نہیں۔

(۳) بیٹھنے کے وقت دونوں ہاتھ رانوں پر رکھے ہونے چاہئیں، مگر انگلیاں گھٹنوں کی طرف لٹکی ہوئی نہ ہوں، بلکہ انگلیوں کے آخری سرے گھٹنے کے ابتدائی کنارے تک پہنچ جائیں۔

(۴) بیٹھنے کے وقت نظریں اپنی گود کی طرف ہونی چاہئیں۔

(۵) اتنی دیر بیٹھیں کہ اس میں کم از کم ایک مرتبہ سبحان اللہ کہا جاسکے، اور اگر اتنی دیر بیٹھیں کہ اس میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاسْتُرْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ پڑھا جاسکے تو بہتر ہے لیکن فرض نمازوں میں یہ پڑھنے کی ضرورت نہیں، نفلوں میں پڑھ لینا بہتر ہے۔

دوسرا سجدہ اور اس سے اٹھنا

(۱) دوسرے سجدے میں بھی اس طرح جائیں کہ پہلے دونوں ہاتھ زمین پر رکھیں، پھر ناک، پھر پیشانی۔

(۲) سجدے کی ہیئت وہی ہونی چاہیئے جو پہلے سجدے میں بیان کی گئی۔

(۳) سجدے سے اٹھتے وقت پیشانی زمین سے اٹھائیں، پھر ناک، پھر ہاتھ، پھر گھٹنے۔

(۴) اُٹھتے وقت زمین کا سہارا نہ لینا بہتر ہے، لیکن اگر جسم بھاری ہو یا بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے مشکل ہو تو سہارا لینا بھی جائز ہے۔

(۵) اُٹھنے کے بعد ہر رکعت کے شروع میں سورۂ فاتحہ سے پہلے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم پڑھیں۔

قعدے میں

(۱) قعدے میں بیٹھنے کا طریقہ وہی ہوگا جو سجدوں کے بیچ میں بیٹھنے کا ذکر کیا گیا۔

(۲) التحیات پڑھتے وقت جب "اشھد ان لا" پر پہنچیں تو شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں، اور "الا اللہ" پر گرادیں۔

(۳) اشارے کا طریقہ یہ ہے کہ بیچ کی اُنگلی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنائیں، چھنگلی اور اس کے برابر والی اُنگلی کو بند کرلیں، اور شہادت کی اُنگلی کو اس طرح اُٹھائیں کہ اُنگلی قبلے کی

طرف جھکی ہوئی ہو۔ بالکل سیدھی آسمان کی طرف نہ اٹھانی چاہیئے۔

(۴) "الا اللہ" کہتے وقت شہادت کی اُنگلی تو نیچے کرلیں، لیکن باقی اُنگلیوں کی جو ہیئت اشارے کے وقت بنائی تھی، اس کو آخر تک برقرار رکھیں۔

سلام پھیرتے وقت

(۱) دونوں طرف سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑیں کہ پیچھے بیٹھے آدمی کو آپ کے رخسار نظر آجائیں۔

(۲) سلام پھیرتے وقت نظریں کندھے کی طرف ہونی چاہیئیں۔

(۳) جب دائیں طرف گردن پھیر کر "السلام علیکم و رحمۃ اللہ" کہیں تو یہ نیت کریں کہ دائیں طرف جو انسان اور فرشتے ہیں، ان کو سلام کر رہے ہیں، اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت بائیں طرف موجود انسانوں اور فرشتوں کو سلام کرنے کی نیت کریں۔

دعا کا طریقہ

(۱) دعا کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ اتنے اٹھائے جائیں

www.ahnafmedia.com

کہ وہ سینے کے سامنے آجائیں، دونوں ہاتھوں کے درمیان معمولی سا فاصلہ ہو، نہ ہاتھوں کو بالکل ملائیں، اور نہ دونوں کے درمیان زیادہ فاصلہ رکھیں۔

(۲) دعا کرتے وقت ہاتھوں کے اندرونی حصے کو چہرے کے سامنے رکھیں۔

(ماخوذ: از اول تا آخر نمازیں سنت کے مطابق ادا کیجیے)

فرض نمازوں کے بعد کی دعا کا ثبوت

فرض نمازوں کے بعد جو دعا کی جاتی ہے، اس کے بارے میں بعض لوگوں کو یہ تردد ہوتا ہے کہ اس دعا کا کوئی ثبوت نہیں ہے۔ یہ بعد کے لوگوں کی ایجاد ہے اس لیے قابلِ ترک ہے، حالانکہ یہ بات نہیں، فرض نمازوں کے بعد دعا کرنا جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و عمل سے ثابت ہے، چند احادیث ملاحظہ ہوں۔

حدیث: عن ابی امامہؓ قال قیل یا رسول اللہ ای الدعاء اسمع؟ قال جوف اللیل الاخر و دبر الصلوٰت المکتوبات هذا حدیث حسن۔

(رواہ الترمذی ص ۲۰۹، ج۱)

ترجمہ: حضرت ابوامامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے (کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے) عرض کیا گیا یارسول اللہ! کس وقت کی دعاء زیادہ قبول ہے؟ آپ نے ارشاد فرمایا رات کے آخری حصہ کی دعا اور فرض نمازوں کے بعد کی دعا (زیادہ مقبول ہے)۔

(ف) اس حدیث سے یہ بات صاف طور پر معلوم ہوئی کہ فرض نماز کے بعد قبولیتِ دعا کا بہت ہی خاص وقت ہے اس وقت دعا مانگنی چاہیئے، اس وقت میں دعا کے قبول ہونے کی زیادہ اُمید ہے۔

حدیث: عن المغیرۃؓ بن شعبۃ قال ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا فرغ من الصلوٰۃ وسلّم قال لا الہ الااللہ وحدہ لاشریک لہ لہ الملک و لہ الحمد وھو علیٰ کل شیئٍ قدیر۔ اللھم لامانع لما اعطیت ولا معطی لما منعت ولا ینفع ذا الجد منک الجد و لفظ البخاری فی کتاب الاعتصام انہ صلی اللہ علیہ وسلم کان یقول ھذہ الکلمات دبرکل صلوۃ و لفظ البخاری فی کتاب الصلوۃ فی دبر کل صلوۃ

مکتوبة (رواہ البخاری ص ۹۳۷ ج۔۲ و مسلم ص ۲۱۸ ج۔۱ و ابو داؤد و النسائی)

ترجمہ: حضرت مغیرۃ بن شعبہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز سے فارغ ہوتے اور سلام پھیرتے تو یہ دعا پڑھتے تھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْئٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو اکیلا ہے اور جس کا کوئی شریک نہیں اسی کیلئے ملک ہے اور اسی کیلئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے اے اللہ جو کچھ آپ عطا فرمائیں اسے کوئی روکنے والا نہیں اور جو آپ روکیں اسے کوئی دینے والا نہیں اور کسی مالدار کو تیرے عذاب سے مالداری نہیں بچا سکتی۔

بخاری کی کتاب الاعتصام میں اس روایت کے الفاظ یہ ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یہ کلمات ہر نماز کے بعد کہتے تھے اور بخاری کی کتاب الصلوٰۃ میں یہ روایت ان لفظوں

www.ahnafmedia.com

سے ہے کہ ہر فرض نماز کے بعد یہ الفاظ کہتے تھے۔

(ف) اس حدیث سے ہر فرض نماز کے بعد دعا مانگنا ثابت ہوتا ہے خواہ اس کے بعد سنتیں ہوں یا نہ ہوں۔ اسی طرح لفظ "اذا سلم" سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ سنتوں سے پہلے یہ دعا ہوتی تھی اور حمد و ثنا اور ذکر افضل ترین دعا ہے۔ غنی کی تعریف اس سے مانگنا ہی ہوتا ہے۔

اور حضرت امام طبرانیؒ نے المعجم الکبیر میں اور علامہ ہیثمیؒ نے مجمع الزوائد (۱۶۹/۱۰) میں اور علامہ سیوطیؒ نے اپنا رسالہ فض الوعاء فی احادیث رفع الیدین فی الدعاء میں (صفحہ ۸۶) پر حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی درج ذیل روایت ذکر فرمائی ہے:

۴۲۔ عن محمد بن یحییٰ الأسلمی قال: رأیت عبداللہ بن الزبیر ورأی رجلا رافعا یدیہ، یدعو قبل ان یفرغ من صلاتہ، فلما فرغ منها قال:

ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لم یکن یرفع یدیہ حتی یفرغ من صلاتہ، رجالہ ثقات۔

قال الهيثمي في مجمع الزوائد (۱۲۹/۱۰) رواه الطبراني، و ترجم له۔ فقال محمد بن ابی یحییٰ الاسلمی عن عبداللہ بن الزبیر، ورجالہ ثقات (فض الوعاء ص۔ ۸۶)

ترجمہ: حضرت محمد بن یحییٰ اسلمیؒ فرماتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھا اور انہوں نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ نماز سے فارغ ہونے سے پہلے ہی ہاتھ اٹھائے دُعا کر رہا ہے جب وہ نماز سے فارغ ہوا تو حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب تک نماز سے فارغ نہ ہوتے تھے اس وقت تک (دُعا کے لیے) ہاتھ نہیں اٹھاتے تھے (لہذا تم بھی ایسا ہی کیا کرو)

(ف) اس حدیث کے تمام راوی ثقہ اور معتبر ہیں اور یہ حدیث صحیح ہے اور اس حدیث سے فرض نماز کے بعد کی جانے والی دُعا میں ہاتھ اٹھانا واضح طور پر ثابت ہے۔ نیز مطلق دُعا میں ہاتھ اُٹھانا صحیح احادیث سے بھی ثابت ہے جس میں فرائض کے بعد کی دُعا بھی شامل ہے، اس لیے فرض نمازوں کے بعد ہاتھ اُٹھا کر دُعا کرنا بلاشبہ درست ہے۔

www.ahnafmedia.com

ان احادیث طیبہ اور دیگر احادیثِ صحیحہ کی بناء پر فرض نمازوں کے بعد اجتماعی دُعا کرنے کا جو طریقہ رائج ہے، یہ درست ہے، اس کو بدعت کہنا صحیح نہیں، محققین علماء اور فقہاء دارالعلوم دیوبند کی یہی تحقیق ہے، اسی پر ان کا عمل ہے، اس موضوع پر ان حضرات کے مدلل فتاویٰ اور تحقیقی رسائل موجود ہیں مثلاً حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ کا ایک رسالہ "استحباب الدعوات عقیب الصلوٰۃ" ہے اور ایک رسالہ حضرت مولانا مفتی کفایت اللہ صاحبؒ کا "النفائس المرغوبہ فی حکم الدعاء بعد المکتوبہ" ہے۔ جس پر حضرت تھانوی رحمتہ اللہ علیہ اور دیگر اکابر علماء کرامؒ کی تصدیقات ہیں اور اس رسالہ کا ایک ضمیمہ ہے جس میں ایک سو سے زیادہ بڑے بڑے علماء کرام رحمہم اللہ کے تحقیقی فتاویٰ درج ہیں۔ ان تمام اکابر فقہاء کرامؒ نے احادیث طیبہ اور چاروں اماموں کی معتبر کتابوں کے حوالوں سے فرائض کے بعد کی جانے والی دُعا کو نہ صرف جائز بلکہ سنّت مستحبہ قرار دیا ہے۔

اور ان اکابرؒ نے ان رسائل میں ایسی واضح واضح احادیثِ طیبہ جمع فرمائی ہیں جن سے امام، مقتدی اور منفرد

سب کے واسطے فرض نماز کے بعد دُعا کا سنت ہونا ثابت ہوتا ہے اس لیے سب کو دُعا کرنی چاہیئے اور جب فرائض کے بعد امام اور مقتدی اس سنّت پر عمل کرتے ہوئے دُعا کریں گے تو ضمناً خود بخود اجتماع ہو جائے گا، لیکن یہ اجتماع ایک ضمنی چیز ہے اور جائز ہے۔ اس کے لیے الگ سے صریح اور مستقل ثبوت کا طالب ہونا اور ثبوت نہ ملنے پر اس کو بدعت قرار دینا درست نہیں بلکہ مخدوم محمد ہاشم ٹھٹھوی رحمتہ اللہ علیہ نے فرائض کے بعد ہونے والی اجتماعی دُعا کے بارے میں ایک رسالہ عربی زبان میں تحریر کیا ہے جس کا نام

"التحفة المرغوبة فی افضلیة الدعاء بعد المکتوبة"

ہے اس میں مخدوم صاحبؒ نے اس اجتماعی دُعا کے بدعت قرار دینے والوں کو بھی مفصّل جواب دیا ہے۔ چنانچہ ان کے جواب کا اردو میں خلاصہ یہ ہے کہ

"فرائض کے بعد اجتماعی دُعا کے تمام اجزاء یعنی نفس دُعا، اور دونوں ہاتھ اُٹھانا، آمین کہنا اور ختمِ دُعا پر دونوں ہاتھ چہرہ پر پھیرنا، سب احادیث طیبہ سے ثابت ہے، لہذا اس کے مجموعہ کو بدعت کہنا درست نہیں ہے۔"

البتہ یہ دُعا آہستہ اور چپکے چپکے مانگنا افضل ہے کیونکہ

www.ahnafmedia.com

قرآن و سنّت میں اس کی زیادہ ترغیب دی گئی ہے، اور اگر کبھی کبھی امام بلند آواز سے دُعا کرے اور مقتدی اس پر آمین کہیں تو تعلیماً یہ بھی جائز ہے، لیکن واضح رہے کہ فرائض کے بعد کی مذکورہ دُعا کا درجہ تفصیل بالا کی روشنی میں بہت سے بہت سنّت مستحبہ ہے، لہذا اس دُعا کو اس کے اسی درجہ میں رکھتے ہوئے کرنا چاہیئے۔

بعض لوگ اس دُعا کو فرض و واجب کی طرح ضروری سمجھتے ہیں اور اسی درجہ میں اس پر عمل کرتے ہیں سو یہ واجب الترک ہے، اسی طرح بعض لوگ اس کا التزام کرتے ہیں کہ امام اور مقتدی سب مل کر ہی دُعا کریں، ابتداء بھی ساتھ ہو اور انتہا بھی ساتھ ہو جیسا کہ بعض مساجد میں دیکھا جاتا ہے کہ امام دُعا کے شروع میں مؤذن زور سے الحمد للہ رب العالمین پڑھتا ہے اور جب امام دُعا ختم کرتا ہے تو برحمتک یا ارحم الراحمین، پکار کر کہتا ہے۔ اس کو ترک کرنا ضروری ہے، کیونکہ اس التزام کا نتیجہ یہ ہے کہ مقتدی امام کی دُعا کا انتظار کرتے رہتے ہیں، کوئی مقتدی امام کی دُعا سے پہلے اپنی دُعا نہیں کرسکتا، ورنہ لوگ اس پر

طعن کرتے ہیں اور اس کے اس عمل کو معیوب سمجھتے ہیں، حالانکہ اوپر لکھا جاچکا ہے کہ اس دُعا میں اجتماع اصل مقصود نہیں بلکہ وہ ایک ضمنی چیز ہے، لہذا تابع کو اصل دُعا کے درجہ سے آگے بڑھانا بھی درست نہیں، جتنی دیر چاہے امام دُعا کرے اور جتنی دیر چاہے مقتدی دُعا مانگے، دونوں ایک دوسرے کے تابع نہیں ہیں، مقتدی کو اختیار ہے کہ اپنی مختصر دُعا مانگ کر چلا جائے اور چاہے امام کے ساتھ دُعا ختم کرے، اور چاہے امام کی دُعا سے زیادہ دیر تک دُعا کرتا رہے، ہر طرح جائز ہے اور ہر طرح فرائض کے بعد کی یہ سنت مستحبہ ادا ہو جاتی ہے اور جو لوگ فرض نماز کے بعد بالکل دُعا نہیں کرتے بلکہ دعا کرنے کو بدعت سمجھتے ہیں ان کا ایسا سمجھنا حد سے تجاوز ہے اور احادیث طیبہ کے اور سنت کے خلاف ہے۔

○

خواتین کے طریقۂ نماز کا ثبوت

مردوں کے مسنون طریقۂ نماز کے بعد خواتین کا طریقۂ نماز آگے آرہا ہے اس سے پہلے ایک سوال اور تفصیلی جواب لکھا جاتا ہے جس میں خواتین کے طریقۂ نماز کا مردوں کے طریقۂ نماز سے جدا ہونا احادیث طیبہ اور آثار صحابہ سے ثابت ہے، اور یہ اس بناء پر لکھا جارہا ہے کہ اکثر غیر مقلد مسلمانوں کو خصوصاً خواتین کو یہ تاثر دیتے رہتے ہیں کہ عورتوں اور مردوں کے نماز ادا کرنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ چنانچہ ان کی غیر مقلد عورتیں مردوں کی طرح نمازیں ادا کرتی ہیں اور یہ محض ناواقفیت پر مبنی ہے لہذا اس تفصیلی وضاحت کے بعد غیر مقلد عورتوں کو ان احادیث و آثار کی پیروی کرنی چاہیئے اور حق کو قبول کرنا چاہیئے، اور حنفی مذہب رکھنے والی خواتین کو پورا اطمینان رکھنا چاہیئے کہ ان کا طریقہ بالکل صحیح ہے اور

www.ahnafmedia.com

شریعت کے مطابق ہے۔ لیجیے سوال و جواب پڑھیے!!

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین اس مسئلہ میں کہ-----

لڑکی حنفی مذہب سے تعلق رکھتی ہے، اس کا شوہر غیر مقلد ہے اور وہ اپنی بیوی سے کہتا ہے کہ تم مردوں کی طرح نماز پڑھا کرو! عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز کے طریقے کے مطابق ہے، کیونکہ عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں سے جدا ہونا ثابت نہیں ہے، اب آپ بتائیے کہ حنفی لڑکی کو شوہر کے حکم کے مطابق اپنی نماز مردوں کی طرح پڑھنی چاہیئے یا نہیں؟ اور حنفی بیوی کو غیر مقلد شوہر کا مذکورہ حکم ماننا ضروری ہے یا نہیں؟

اور نیز حنفی مذہب میں عورت کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز کے طریقے سے جدا ہونا احادیث سے ثابت ہے یا نہیں؟ مفصل اور مدلل جواب دیکر مطمئن فرمائیں!

جزاکم اللہ تعالیٰ۔

احقر عبدالحلیم۔ ڈھرکی سندھ

www.ahnafmedia.com

الجواب حامداً و مصلیاً:۔

مذکورہ صورت میں اہل حدیث شوہر کا اپنی حنفی بیوی کو مردوں کے طریقہ سے نماز پڑھنے پر مجبور کرنا جائز نہیں۔ کیونکہ عورتوں کی نماز کا طریقہ بالکل مردوں کی نماز کی طرح ہونا صراحتہً ثابت نہیں بلکہ خواتین کا طریقہ نماز مردوں کے طریقے سے جدا ہونا بہت سی احادیث اور آثار صحابہ و تابعین سے ثابت ہے اور چاروں ائمہ فقہ امام اعظم ابو حنیفہ، امام مالک، امام شافعی اور امام احمد رحمھم اللہ اس پر متفق ہیں تفصیل ذیل میں ہے:

(۱) عن ابن عمر رضی اللہ عنہ انہ سئل کیف کان النساء یصلین علی عهد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال کن یتربصن ثم امرن ان یحتفزن۔

ترجمہ: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے پوچھا گیا کہ خواتین حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک میں کس طرح نماز پڑھا کرتی تھیں تو انہوں نے فرمایا کہ پہلے چار زانو ہو کر بیٹھتی تھیں پھر انہیں حکم دیا کہ خوب سمٹ کر نماز ادا کریں۔

(جامع المسانید صفحہ ۴۰۰ ج ۱)

(۲) وعن وائل بن حجر رضی اللہ عنہ قال:

قال لی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یا وائل بن حجر! اذا صلّیت فاجعل یدیک حذاء اذ نیک والمرأۃ تجعل یدیہا حذاء ثدییہا۔

ترجمہ: حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا طریقہ سکھلایا تو فرمایا کہ اے وائل بن حجر! جب تم نماز شروع کرو تو اپنے ہاتھ کانوں تک اُٹھاؤ اور عورت اپنے ہاتھ چھاتیوں تک اٹھائے۔

(مجمع الزوائد ۱۰۳-ج ۲)

(۴) عن یزید ابن ابی حبیب ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مرعلی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ لیست فی ذالک کالرجل۔

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دو عورتوں کے پاس سے گزرے جو نماز پڑھ رہی تھیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو دیکھ کر فرمایا کہ جب تم سجدہ کرو تو اپنے جسم کے بعض حصوں کو زمین سے چمٹادو اس لیے کہ اس میں عورت مرد کے مانند نہیں ہے (السنن للبیہقی صفحہ ۲۲۳ ج ۲- اعلاالسنن بحوالہ مراسیل ابی داؤد صفحہ ۱۹ ج ۳)

www.ahnafmedia.com

④ عن عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا جلست المرأۃ فی الصلاۃ وضعت فخذھا علی فخذھا الاخری و اذا سجدت الصقت بطنھا فی فخذیھا کاستر مایکون لھا و ان اللہ تعالیٰ ینظر الیھا و یقول یا ملٰئکتی اشھدکم انی قد غفرت لھا۔

ترجمہ: حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ نماز کے دوران جب عورت بیٹھے تو اپنی ایک ران کو دوسری ران پر رکھے اور جب سجدہ میں جائے تو اپنے پیٹ کو اپنی دونوں رانوں سے ملائے اس طرح کہ اس سے زیادہ ستر ہوسکے اور اللہ تبارک و تعالیٰ اس کی طرف دیکھتے ہیں اور فرشتوں سے فرماتے ہیں کہ اے فرشتو! تم گواہ رہو میں نے اس عورت کی بخشش کردی (بیہقی صفحہ ۲۲۳ ج ۲ کنزالعمال صفحہ ۵۴۹ ج ۷)

⑤ عن ابی ھریرۃ رضی اللہ عنہ قال قال رسو اللہ صلی اللہ علیہ وسلم التسبیح للرجال والتصفیق للنساء

www.ahnafmedia.com

ترجمہ: حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ (اگر نماز کے دوران کوئی ایسا امر پیش آجائے جو نماز میں حارج ہو تو) مردوں کیلئے یہ ہے کہ وہ تسبیح کہیں اور عورتیں صرف تالی بجائیں۔(ترمذی صفحہ ۸۵ سعید کمپنی مسلم شریف صفحہ ۱۸۱ ج ۱)

(٦) قال ابوبكر بن ابى شيبه سمعت عطاء سئل عن المراة كيف ترفع يديها فى الصلاة قال حذوثدييها (وقال ايضا بعد اسطر) لا ترفع بذالك يديها كالرجل و اشار فخفض يديه جدا وجمعها اليه جدا و قال ان للمراة هيئة ليست للرجل۔

ترجمہ: امام بخاری کے استاد ابوبکر بن ابی شیبہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت عطاء سے سنا کہ ان سے عورت کے بارے میں پوچھا گیا کہ وہ نماز میں ہاتھ کیسے اٹھائے تو انہوں نے فرمایا کہ اپنی چھاتیوں تک، اور فرمایا نماز میں اپنے ہاتھوں کو اس طرح نہ اٹھائے جس طرح مرد اٹھاتے ہیں اور انہوں نے اس بات کو جب اشارہ سے بتلایا تو اپنے ہاتھوں کو کافی پست کیا اور ان دونوں کو اچھی طرح ملایا اور فرمایا کہ نماز میں عورت کا طریقہ مردوں کی طرح نہیں ہے۔ (المصنف لابی بکر بن ابی شیبہ، صفحہ ۲۳۹ ج ۱)

www.ahnafmedia.com

⑦ حدثنا ابوالاحوص عن ابی اسحاق و عن الحارث عن علی رضی اللہ قال اذا سجدت المراۃ فلتحتفز ولتضم فخذیھا۔

ترجمہ: حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا جب عورت سجدہ کرے تو سرین کے بل بیٹھے اور اپنی رانوں کو ملالے۔ (بیہقی صفحہ ۲۲۳ ج ۲)

⑧ عن ابن عباس رضی اللہ عنہ انہ سئل عن صلاۃ المراۃ فقال تجتمع و تختفز

ترجمہ: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے عورت کی نماز کے متعلق پوچھا گیا تو فرمایا کہ (سب اعضاء کو) ملالے اور سرین کے بل بیٹھے۔

مذکورہ بالا احادیث اور آثار صحابہ و تابعین سے عورتوں کی نماز کا طریقہ مردوں کی نماز سے واضح طور پر مختلف ہونا ثابت ہوا اب اس بارے میں ائمہ فقہ کا مسلک ملاحظہ فرمائیں۔

وفی مذھب الحنفیۃ؛ و امّا فی النساء فاتفقوا علی ان السنۃ لھن وضع الیدین علی الصدر استرلھا کما فی البنایۃ وفی المنیۃ المراۃ تضعھما تحت ثدییھا (صفحہ ۱۵۶ ج ۲ السعایۃ)

www.ahnafmedia.com

والمراۃ تنخفض فی سجودھا و تلزق بطنھا بفخذیھا لان ذالک استر لھا (وفی موضع آخر) و ان کانت امراۃ جلست علی الیتیھاالیسری و اخرجت رجلیھا من الجانب الایمن لانہ استرلھا الخ(صفحہ ۱۱۱ ج ۱ ھدایۃ)

و فی مذھب المالکیہ؛ ندب مجافاۃ ای مباعدۃ (رجل فیہ) ای سجود (بطنہ فخذیہ) فلایجعل بطنہ علیھا و مجافاۃ (مرفقیہ رکبتیہ) ای عن رکبتیہ و مجافاۃ ضبعیہ ای مافوق المرفق الی الابط جنبیہ ای عنھما فجافاۃ وسطاً فی الجمیع واَمّا المراۃ فتکون منضمۃ فی جمیع احوالھا (الشرح الصغیر للدر دیر المالکی(۳۲۹ ج ۱)

و فی مذھب الشافعیۃ؛ قال النودی! یسن ان ایجافی مرفقیہ عن جنبیہ ویرفع بطنہ عن فخذیہ وتضم المراۃ بعضھاالی بعض (وقال بعد اسطر) روی البراء بن عازب رضی اللہ عنھما

ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا سجد جنح (و روی جنحی) (والجنح الخاوی) و ان کانت امراۃ ضمت بعضہما الی بعض لان ذالک استرلہا (شرح المہذب صفحہ ۴۰۲ ج ۳)

و فی مذہب الحنابلۃ؛ و فی المغنی؛ و ان صلّت امراۃ بالنساء قامت معہن فی الصف وسطا قال ابن قدامۃ فی شرحہ اذا ثبت ہذا فانہا اذ صلت بہن قامت فی وسطہن لاتعلم فیہ خلافاً بین من رای لہا ان تومہن ولان المراۃ یستحب لہا التستر ولذالک لا یستحب لہا التجا فی الخ (۲۰۲ ج ۲)

مذکورہ بالا احادیث طیبہ، آثار صحابہ و تابعین اور چاروں مذاہب فقہ حقہ کے حضرات فقہاء کرام کی عبارات سے جو عورتوں کی نماز کا مسنون طریقہ ثابت ہوا وہ مردوں کے طریقہ نماز سے جدا ہے، عورتوں کے طریقہ نماز میں زیادہ سے زیادہ پردہ اور جسم سمیٹ کر ایک دوسرے سے ملانے کا حکم ہے اور یہ طریقہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے عہد مبارک سے آج تک اس امت میں متفق علیہ اور عملاً متواتر ہے۔ آج تک

www.ahnafmedia.com

کسی صحابی یا تابعی یا دیگر فقہاء است کا کوئی ایسا فتویٰ نظر نہیں آیا جس میں عورتوں کی نماز کو مردوں کی نماز کے مطابق قرار دیا ہو نیز خود اکابر اہل حدیث حضرات اس مسئلہ میں مذکورہ بالا عبارات کے مطابق فتویٰ دیتے رہے ہیں۔ چنانچہ مولانا عبدالجبار بن عبداللہ غزنوی (جو بانی جامعہ ابی بکر گلشن اقبال کراچی کے دادا ہیں) اپنے فتاویٰ میں وہ حدیث جو ہم نے کنزالعمال اور بیہقی کے حوالہ سے نقل کی ہے اس کے بارے میں فرماتے ہیں۔

"اور اسی پر تعامل اہل سنت و مذاہب اربعہ وغیرہ چلا آیا ہے۔"

نیز اس کے بعد مختلف کتب مذاہب اربعہ سے حوالہ نقل کرنے کے بعد آخر میں نتیجۃً فرماتے ہیں کہ

"غرض یہ کہ عورتوں کا انضمام (اکٹھی ہوکر) اور انخفاض (سمٹ کر اور چمٹ کر) احادیث و تعامل جمہور اہل علم از مذاہب اربعہ وغیرہم سے ثابت ہے اور اس کا منکر کتب حدیث اور تعامل اہل علم سے بے خبر ہے واللہ اعلم حررہ عبدالجبار عفی عنہ (فتاویٰ غزنویہ ص ۲۷۔ص ۲۸، فتاویٰ علمائے حدیث ص ۱۴۹ ج ۳)

جہاں تک اہل حدیث حضرات کے دعویٰ کا تعلق ہے تو اس سلسلہ میں نہ تو ان کے پاس کوئی آیت قرآنی ہے اور نہ کوئی حدیث اور نہ ہی کسی خلیفہ راشد کا فتویٰ البتہ اگر وہ حضرات ام درداء کا اثر استدلال میں پیش کریں جو یہ ہے کہ

"عن مكحول ان ام الدرداء كانت تجلس في الصلاة كجلسة الرجل

ترجمہ: حضرت ام درداء نماز میں مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں (المصنف لابن ابی شیبہ ص ۲۱۱ ج ۱) تو اس اثر کے بارے میں عرض یہ ہے کہ اس اثر سے استدلال کرنا کئی وجہ سے درست نہیں۔

(۱) پہلی وجہ تو یہ ہے کہ اگرچہ حافظ مزیؒ نے ان کو صحابیہ کہا ہے لیکن دوسرے محدثین وناقدین نے ان کو تابعیہ شمار کیا ہے لہذا یہ صحابیہ نہیں تابعیہ ہیں اور ایک تابعی کا عمل اگرچہ اصول کے مخالف نہ بھی ہو تب بھی اس سے استدلال نہیں کیا جاسکتا۔

و في الفتح و عمل التابعي بمفرده و لو لم يخالف لايحتج به (ص ۲۵۲ ج ۲)

(۲) بالفرض اگر ان کو صحابیہ بھی مان لیا جائے تو یہ ان

صحابیہ کی اپنی رائے ہے اور نہ ہی ان صحابیہ نے کسی اور کو اس کی دعوت دی ہے اور نہ ہی انہوں نے اس فعل پر حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کوئی قول و فعل اور نہ ہی کسی خلیفہ راشد کا فتویٰ نقل کیا ہے، لہذا عورتوں کی نماز کے سلسلہ میں امت کے عملی تواتر کے خلاف اس رائے کی پوزیشن ایسی ہی ہے جیسا کہ قرآن حکیم کی متواتر قرأت کے خلاف شاذ قرأت اور ظاہر ہے کہ کوئی بھی مسلمان شاذ قرأت کیلئے متواتر قرآن حکیم کی تلاوت نہیں چھوڑتا اور نہ ہی کسی دوسرے مسلمان کو اس کی دعوت دیتا ہے۔

(۳) نیز اگر اس اثر کے الفاظ پر غور سے نظر ڈالی جائے تو اس سے جمہور کے قول کی تائید ہوتی ہے اس لیے کہ اس میں ام درداء کے ہیئت جلوس کو مرد کے ہیئت جلوس سے تشبیہ دی گئی ہے جس سے یہ بات بھی بخوبی واضح ہوتی ہے کہ ام درداء تو مردوں کی طرح بیٹھتی تھیں لیکن دوسری صحابیات اور خواتین کا طریقہ نماز مردوں سے مختلف تھا جس کا احادیث بالا میں ذکر ہوا۔

(۴) اگر کسی کو یہ شبہ ہو کہ اگر یہ اثر قابل استدلال نہیں تو پھر امام بخاری نے اس کو اپنی صحیح بخاری میں کیوں ذکر کیا

www.ahnafmedia.com

ہے تو یہ شبہ بھی صحیح نہیں ہے اس لیے کہ امام بخاری نے اس اثر کو اس لیے ذکر نہیں کیا کہ اس سے عورتوں کی نماز کے طریقہ پر استدلال کیا جائے بلکہ صرف اس بات کی تقویت کیلئے ذکر کیا ہے کہ مردوں کے جلوس کی کیفیت نماز میں کیا ہے۔ چنانچہ حافظ ابن حجر فتح الباری میں رقمطراز ہیں:

"وعرف من رواية مكحول ان المدرداء بام السداء الصغرى التابعية لا الكبرى الصحابية لانه ادرك الصغرى و لم يدر البخارى اثر ام الدرداء ليحتج به بل للتقوية الخ ص ٢٥٢ ج ١)

نیز اگر یہ حضرات "صلّوا کما رأیتمونی اُصلّی" سے استدلال کریں کہ عورتوں کی نماز مردوں کے مطابق ہے تو یہ استدلال بھی صحیح نہیں اول تو اس جملہ کا سیاق و سباق ایک خاص واقعہ ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک خاص وفد حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بیس دن قیام کیلئے آیا تھا واپسی پر آپ نے ان کو کچھ نصیحتیں فرمائیں ان میں سے ایک نصیحت یہ بھی تھی کہ

"صلّوا كما رأيتمونى أصلّى"

بہرحال اگر اس جملہ کو سیاق و سباق سے ہٹ کر

www.ahnafmedia.com

دیکھیں تو اس میں کوئی شک نہیں کہ اس حدیث کی عمومیت میں مرد و عورت سمیت پوری امت شریک ہے اور پوری امت پر لازم ہے کہ جو طریقہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نماز کا ہے وہی طریقہ پوری امت کا ہو لیکن یہ واضح ہو کہ اس عمومیت پر عمل اس وقت تک ہی ضروری ہے جب تک کوئی شرعی دلیل اس کے معارض نہ ہو اور اگر کوئی دلیل خصوص کی بعض عمل یا افراد میں اس حکم کے معارض ہو تو اس دلیل خصوص کی وجہ سے وہ بعض افراد یا وہ عمل اس امر کی تکمیل سے مستثنیٰ ہوں گے۔ چنانچہ ضعفاء اور مریض ان احادیث سے جن میں ان کے لیے تخفیف کی گئی ہے اور عورتیں ان تمام احادیث سے جس میں ان کو ستر پوشی اور اختفاء کا حکم دیا گیا ہے اس حکم سے مستثنیٰ ہوں گے۔ لہذا مستثنیات کی موجودگی میں اس جملہ سے عورت اور مرد کی نماز میں مجموعی کیفیت اور طریقہ پر مطابقت کا استدلال درست نہیں۔ چنانچہ حافظ ابن حجر الشافعی نے اس بات کو فتح الباری میں ذکر کرتے ہوئے لکھا کہ:

"و هذا اذا اخذ مفرداً عن ذکر سببه وسیاقه اشعر بانه خطاب للأمة بان یصلوا کما

كان فيقوى الاستدلال به على كل فعل ثبت انه فعله في الصلاة لكن هذا الخطاب انما وقع لمالك بن الحويرث و اصحابه كان يوقعوا الصلاة على الوجه الذى راؤه صلى الله عليه وسلم يصليه نعم يشار كهم فى الحكم جميع الامة بشرط ان يثبت استمراره صلى الله عليه وسلم على فعل ذالک الشئى المستدل به دائما حتى يدخل تحت الامر و يكون واجبا و بعض ذالک مقطوع باستمراره عليه و اماما لم يدل دليل على وجوده تلک الصلوات التى تعلق الامر بايقاع الصلاة على صفتها فلا نحكم بتناول الامر فتح (ص ۲۳۷ ج ۱۳)

لہذا احادیث بالا اور فقہاء امت کی تصریحات کے مطابق سنت یہ ہے کہ عورت سمٹ کر سجدہ کرے اور سمٹ کر بیٹھے، ستر کا زیادہ اہتمام کرے، ہاتھ سینے پر رکھے ان سب باتوں میں عورت کی نماز مرد کی نماز سے مختلف ہے اور یہی حق ہے اور اسی پر عمل کرنا چاہیئے۔

خواتین کا طریقۂ نماز

ذیل میں خواتین کی نماز کا صحیح طریقہ تحریر کیا جاتا ہے، خواتین کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنی نماز اس طریقہ سے ملا کر دیکھیں، اور بار بار دیکھتی رہیں اور ہر نماز اس طریقہ کے مطابق ادا کرنے کی کوشش کریں اور بچیوں کو بھی اس طریقہ کے مطابق نماز پڑھنے کی مشق کرائیں تاکہ سب کی نمازیں صحیح ہو جائیں۔

نماز شروع کرنے سے پہلے

یہ باتیں یاد رکھیے اور ان پر عمل کا اطمینان کر لیجیے:

(۱) آپ کا رخ قبلہ کی طرف ہونا ضروری ہے۔

(۲) آپ کو سیدھا کھڑا ہونا چاہیئے، اور آپ کی نظر سجدے کی جگہ پر ہونی چاہیئے۔ گردن کو جھکا کر ٹھوڑی سینے سے لگا لینا مکروہ ہے، اور بلاوجہ سینے کو جھکا کر کھڑا ہونا بھی درست نہیں، لہذا اس طرح سیدھی کھڑی ہوں کہ نظر سجدے کی جگہ پر رہے۔

(۳) آپ کے پاؤں کی انگلیوں کا رخ بھی قبلے کی جانب رہے اور دونوں پاؤں سیدھے قبلہ رخ رہیں (پاؤں کو دائیں

www.ahnafmedia.com

بائیں ترچھا رکھنا خلاف سنت ہے) دونوں پاؤں قبلہ رخ ہونے چاہئیں۔

④ دونوں پاؤں کے درمیان کم ازکم چار انگلی کا فاصلہ رکھنا چاہیئے (امداد الاحکام)

⑤ خواتین کسی موٹی اور بڑی چادر سے اپنے سارے جسم کو اچھی طرح ڈھانپ لیں، جس میں سر، سر کے بال، گردن بازو وغیرہ سب اچھی طرح چھپ جائیں کیونکہ خواتین کو سارا بدن چھپانا فرض ہے، پیٹ، پیٹھ، کمر، سر، سینہ، بازو، باہیں، پنڈلیاں، سونڈھے، گردن وغیرہ سب ڈھکے رہیں، ہاں اگر چہرہ یا قدم یا گٹوں تک ہاتھ کھلے رہیں تو نماز ہو جائے گی کیونکہ یہ تینوں چیزیں ستر سے مستثنیٰ ہیں اور اگر یہ بھی ڈھکی رہیں تب بھی نماز ہو جائے گی۔

نماز کے لیے ایسا باریک دوپٹہ استعمال کرنا جس میں سر، گردن، حلق اور حلق کے نیچے کا بہت سا حصہ نظر آتا ہے، اسی طرح بازو کہنیاں اور کلائیاں نہ چھپیں یا پنڈلیاں کھلی رہیں تو ایسی صورت میں نماز بالکل نہیں ہوگی، لہذا نماز کے وقت سارے جسم کو چھپانے کا خاص اہتمام کریں۔

www.ahnafmedia.com

(٦) اگر نماز کے دوران چہرے، ہاتھ اور پاؤں کے سوا جسم کا کوئی عضو بھی چوتھائی کے برابر اتنی دیر کھلا رہ گیا جس میں تین مرتبہ "سبحان ربی العظیم" کہا جاسکے تو نماز ہی نہیں ہوگی اور اس سے کم کھلا رہ گیا تو نماز ہو جائے گی، مگر گناہ ہوگا۔

(٧) ایسے کپڑے پہن کر نماز میں کھڑے ہونا مکروہ ہے جنہیں پہن کر انسان لوگوں کے سامنے نہ جاتا ہو۔

نماز شروع کرتے وقت

(١) دل میں نیت کرلیں کہ میں فلاں نماز پڑھ رہی ہوں، زبان سے نیت کے الفاظ کہنا ضروری نہیں۔

(٢) دونوں ہاتھ دوپٹے سے باہر نکالے بغیر کندھوں تک اس طرح اٹھائیں کہ ہتھیلیوں کا رخ قبلہ کی طرف ہو اور انگلیاں اوپر کی طرف سیدھی ہوں۔ خواتین کانوں تک ہاتھ نہ اٹھائیں۔

(٣) مذکورہ بالا طریقہ پر ہاتھ اٹھاتے وقت "اللہ اکبر" کہیں پھر دونوں ہاتھ سینے پر بغیر حلقہ بنائے اس طرح رکھیں کہ داہنے ہاتھ کی ہتھیلی بائیں ہاتھ کی پشت پر آجائے، خواتین کو مردوں کی طرح ناف پر ہاتھ نہ باندھنے چاہئیں۔

www.ahnafmedia.com

کھڑے ہونے کی حالت میں

① اکیلے نماز پڑھنے کی حالت میں پہلی رکعت میں پہلے سبحانک اللھم آخر تک پڑھیں، اس کے بعد اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم پڑھیں اس کے بعد "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھیں، پھر سورۂ فاتحہ پڑھیں اور جب "ولاالضآلین" کہیں اس کے فوراً بعد "آمین" کہیں اس کے بعد "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھ کر کوئی سورت پڑھیں یا کہیں سے بھی تین آیتیں پڑھیں۔

② اگر اتفاقاً کسی امام کے پیچھے ہوں تو صرف "سبحانک اللھم" الخ پڑھ کر خاموش ہو جائیں اور امام کی قراءت کو دھیان لگا کر سنیں، اگر امام زور سے نہ پڑھ رہا ہو تو زبان ہلائے بغیر دل ہی دل میں سورۂ فاتحہ کا دھیان کیے رکھیں۔

③ جب خود قرأت کر رہی ہوں تو سورۂ فاتحہ پڑھتے وقت بہتر یہ ہے کہ ہر آیت پر رک کر سانس توڑ دیں، پھر دوسری آیت پڑھیں، کئی کئی آیتیں ایک سانس میں نہ پڑھیں، مثلاً "الحمدللہ رب العلمین" پر سانس توڑ دیں، پھر "الرحمن الرحیم" پر پھر "مالک یوم الدین" پر۔ اسی طرح پوری

سورۂ فاتحہ پڑھیں، لیکن اس کے بعد کی قرأت میں ایک سانس میں ایک سے زیادہ آیتیں بھی پڑھ لیں تو کوئی حرج نہیں، اور خواتین کو ہر نماز میں الحمد شریف اور سورۃ وغیرہ ساری چیزیں آہستہ آواز سے پڑھنی چاہئیں۔ (بہشتی زیور)

(۴) بغیر کسی ضرورت کے جسم کے کسی حصے کو حرکت نہ دیں، جتنے سکون کے ساتھ کھڑی ہوں اتنا ہی بہتر ہے، اگر کھجلی وغیرہ کی ضرورت ہو تو صرف ایک ہاتھ استعمال کریں اور وہ بھی صرف سخت ضرورت کے وقت اور کم سے کم۔

(۵) جسم کا سارا زور ایک پاؤں پر دے کر دوسرے پاؤں کو اس طرح چھوڑ دینا کہ اس میں خم آجائے نماز کے ادب کے خلاف ہے، اس سے پرہیز کریں، یا تو دونوں پاؤں پر برابر زور دیں، یا ایک پاؤں پر زور دیں تو اس طرح کہ دوسرے پاؤں میں خم پیدا نہ ہو۔

(۶) جمائی آنے لگے تو اس کو روکنے کی پوری کوشش کریں۔

(۷) کھڑے ہونے کی حالت میں نظریں سجدے کی جگہ پر رکھیں، اِدھر اُدھر یا سامنے دیکھنے سے پرہیز کریں۔

www.ahnafmedia.com

رکوع میں

رکوع میں جاتے وقت ان باتوں کا خیال رکھیں:

① جب قیام سے فراغت ہو جائے تو رکوع کرنے کے لیے "اللہ اکبر" کہیں جس وقت رکوع کرنے کے لیے جھکیں، اسی وقت تکبیر کہنا بھی شروع کردیں اور رکوع میں جاتے ہی تکبیر ختم کردیں۔

② خواتین رکوع میں معمولی جھکیں کہ دونوں ہاتھ گھٹنوں تک پہنچ جائیں، مردوں کی طرح خوب اچھی طرح نہ جھکیں۔ (شامی)

③ خواتین گھٹنوں پر ہاتھ کی انگلیاں ملا کر رکھیں، مردوں کی طرح کشادہ کر کے گھٹنوں کو نہ پکڑیں اور گھٹنوں کو (ذرا آگے) کو جھکا لیں اور اپنی کہنیاں بھی پہلو سے خوب ملا کر رکھیں۔ (درمختار)

④ کم از کم اتنی دیر رکوع میں رکیں کہ اطمینان سے تین مرتبہ "سبحان ربی العظیم" کہا جا سکے۔

⑤ رکوع کی حالت میں نظریں پاؤں کی طرف ہونی چاہئیں۔

www.ahnafmedia.com

⑥ دونوں پاؤں پر زور برابر رہنا چاہیئے، اور دونوں پاؤں کے ٹخنے ایک دوسرے کے قریب رہنے چاہئیں۔

رکوع سے کھڑے ہوتے وقت

① رکوع سے کھڑے ہوتے وقت اس قدر سیدھی ہو جائیں کہ جسم میں کوئی خم باقی نہ رہے۔

② اس حالت میں بھی نظر سجدے کی جگہ پر رہنی چاہیئے۔

③ بعض خواتین کھڑے ہوتے وقت کھڑی ہونے کے بجائے کھڑے ہونے کا صرف اشارہ کردیتی ہیں اور جسم کے جھکاؤ کی حالت ہی میں سجدے کے لیے چلی جاتی ہیں ان کے ذمے نماز کا لوٹانا واجب ہو جاتا ہے لہذا اس سے سختی کے ساتھ پرہیز کریں، جب تک سیدھی ہونے کا اطمینان نہ ہو جائے، سجدے میں نہ جائیں۔

سجدے میں جاتے وقت

سجدے میں جاتے وقت اس طریقہ کا خیال رکھیں کہ:

① خواتین سینہ آگے کو جھکا کر سجدے میں جائیں، پہلے اپنے گھٹنے زمین پر رکھیں، گھٹنوں کے بعد پہلے ہاتھ زمین پر

www.ahnafmedia.com

رکھیں، پھر ناک، پھر پیشانی۔

(۲) سجدے میں خواتین خوب سمٹ کر اور دبک کر اس طرح سجدہ کریں کہ پیٹ رانوں سے بالکل مل جائیں، بازو بھی پہلوؤں سے ملے ہوئے ہوں، نیز پاؤں کو کھڑا کرنے کے بجائے انہیں دائیں طرف نکال کر بچھادیں، جہاں تک ہوسکے انگلیوں کا رخ قبلہ کی طرف رکھیں۔

(۳) خواتین کو کہنیوں سمیت پوری بانہیں بھی زمین پر رکھ دینی چاہئیں۔

(۴) سجدے کی حالت میں کم از کم اتنی دیر گزاریں کہ تین مرتبہ "سبحان ربی الاعلیٰ" اطمینان کے ساتھ کہہ سکیں، پیشانی ٹیکتے ہی فوراً اٹھالینا منع ہے۔

دونوں سجدوں کے درمیان

(۱) ایک سجدے سے اٹھ کر اطمینان سے بیٹھ جائیں، پھر دوسرا سجدہ کریں، ذرا سا سر اٹھا کر سیدھے ہوئے بغیر دوسرا سجدہ کرلینا گناہ ہے اور اس طرح کرنے سے نماز کا لوٹانا واجب ہوجاتا ہے۔

(۲) خواتین پہلے سجدہ سے اٹھ کر بائیں کولہے پر

بیٹھیں، اور دونوں پاؤں دائیں طرف کو نکال دیں اور دائیں پنڈلی پر رکھیں، اور دونوں ہاتھ رانوں پر رکھ لیں اور انگلیاں خوب ملا کر رکھیں۔

(۳) بیٹھنے کے وقت نظریں اپنی گود کی طرف ہونی چاہئیں۔

(۴) اتنی دیر بیٹھیں کہ اس میں کم از کم ایک مرتبہ "سبحان اللہ" کہا جا سکے اور اگر اتنی دیر بیٹھیں کہ اس میں اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَاسْتُرْنِیْ وَاجْبُرْنِیْ وَاھْدِنِیْ وَارْزُقْنِیْ پڑھا جا سکے تو بہتر ہے، لیکن فرض نمازوں میں یہ پڑھنے کی ضرورت نہیں نفلوں میں پڑھ لینا بہتر ہے۔

دوسرا سجدہ اور اس سے اٹھنا

(۱) دوسرے سجدے میں بھی اس طرح جائیں کہ پہلے دونوں ہاتھ زمین پر رکھیں، پھر ناک پھر پیشانی۔

(۲) سجدے کی ہیئت وہی ہونی چاہیئے جو پہلے سجدے میں بیان کی گئی۔

(۳) سجدے سے اٹھتے وقت پہلے پیشانی زمین سے اٹھائیں، پھر ناک، پھر ہاتھ پھر گھٹنے۔

www.ahnafmedia.com

(۴) اٹھتے وقت زمین کا سہارا نہ لینا بہتر ہے، لیکن اگر جسم بھاری ہو یا بیماری یا بڑھاپے کی وجہ سے مشکل ہو تو سہارا لینا بھی جائز ہے۔

(۵) اٹھنے کے بعد ہر رکعت کے شروع میں سورہ فاتحہ سے پہلے "بسم اللہ الرحمن الرحیم" پڑھیں۔

قعدہ میں

(۱) قعدے میں بیٹھنے کا طریقہ وہی ہوگا جو سجدوں کے بیچ میں بیٹھنے کا ذکر کیا گیا ہے۔

(۲) التحیات پڑھتے وقت جب "اشھد ان لا" پر پہنچیں تو شہادت کی انگلی اٹھا کر اشارہ کریں اور "الا اللہ" پر گرادیں۔

(۳) اشارے کا طریقہ یہ ہے کہ بیچ کی انگلی اور انگوٹھے کو ملا کر حلقہ بنائیں، چھنگلی اور اس کے برابر والی انگلی کو بند کرلیں، اور شہادت کی انگلی کو اس طرح اٹھائیں کہ انگلی قبلہ کی طرف جھکی ہوئی ہو، بالکل سیدھی آسمان کی طرف نہ اٹھانی چاہیئے۔

(۴) "الا اللہ" کہتے وقت شہادت کی انگلی تو نیچے کرلیں لیکن باقی انگلیوں کی جو ہیئت اشارے کے وقت بنائی تھی، اس کو آخر تک برقرار رکھیں۔

www.ahnafmedia.com

سلام پھیرتے وقت

① دونوں طرف سلام پھیرتے وقت گردن کو اتنا موڑیں کہ پیچھے بیٹھنے والی عورت کو آپ کے رخسار نظر آجائیں۔

② سلام پھیرتے وقت نظریں کندھے کی طرف ہونی چاہئیں۔

③ جب دائیں طرف گردن پھیر کر "السلام علیکم و رحمۃ اللہ" کہیں تو یہ نیت کریں کہ دائیں طرف جو فرشتے ہیں ان کو سلام کر رہی ہیں، اور بائیں طرف سلام پھیرتے وقت بائیں طرف موجود فرشتوں کو سلام کرنے کی نیت کریں۔

دعا کا طریقہ

① دعا کا طریقہ یہ ہے کہ دونوں ہاتھ اتنے اٹھائے جائیں کہ وہ سینے کے سامنے آجائیں۔ دونوں ہاتھوں کے درمیان معمولی سا فاصلہ ہو، نہ ہاتھوں کو بالکل ملائیں اور نہ دونوں کے درمیان فاصلہ رکھیں۔

② دعا کرتے وقت ہاتھوں کے اندرونی حصے کو چہرے

کے سامنے رکھیں۔

ایک مسئلہ

عورتوں کا جماعت کرنا مکروہ ہے، ان کے لیے اکیلے نماز پڑھنا ہی بہتر ہے البتہ اگر گھر کے محرم افراد گھر میں جماعت کر رہے ہوں تو ان کے ساتھ جماعت میں شامل ہونے میں کچھ حرج نہیں لیکن ایسے میں مردوں کے بالکل پیچھے کھڑا ہونا ضروری ہے، برابر ہرگز کھڑی نہ ہوں۔

(ماخوذ از نمازیں سنت کے مطابق ادا کیجیے و نمازیں درست کیجیے)

فضیلت نماز کی چہل حدیث

(۱) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اللہ جل شانہ نے میری اُمت پر سب چیزوں سے پہلے نماز فرض کی اور قیامت میں سب سے پہلے نماز ہی کا حساب ہوگا۔

(۲) نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو، نماز کے بارے میں اللہ سے ڈرو۔

(۳) آدمی اور شرک کے درمیان نماز ہی حائل ہے۔

(۴) اسلام کی علامت نماز ہے۔ جو شخص دل کو فارغ کر

www.ahnafmedia.com

کے اور اوقات اور مستحبات کی رعایت رکھ کر نماز پڑھے وہ مومن ہے۔

⑤ حق تعالیٰ شانہ نے کوئی چیز ایمان اور نماز سے افضل فرض نہیں کی۔ اگر اس سے افضل کسی اور چیز کو فرض کرتے تو فرشتوں کو اس کا حکم دیتے۔ فرشتے دن رات کوئی رکوع میں ہے کوئی سجدہ میں۔

⑥ نماز دین کا ستون ہے۔

⑦ نماز شیطان کا منھ کالا کرتی ہے۔

⑧ نماز مومن کا نور ہے۔

⑨ نماز افضل جہاد ہے۔

⑩ جب آدمی نماز میں داخل ہوتا ہے تو حق تعالیٰ شانہ اس کی طرف پوری توجہ فرماتے ہیں۔ جب وہ نماز سے ہٹ جاتا ہے تو وہ بھی توجہ ہٹا لیتے ہیں۔

⑪ جب کوئی آفت آسمان سے اُترتی ہے تو مسجد کے آباد کرنے والوں سے ہٹ جاتی ہے۔

⑫ اگر آدمی کسی وجہ سے جہنم میں جاتا ہے تو اس کی آگ سجدہ کی جگہ کو نہیں کھاتی۔

www.ahnafmedia.com

(۱۳) اللہ نے سجدہ کی جگہ کو آگ پر حرام فرمادیا ہے۔

(۱۴) سب سے زیادہ پسندیدہ عمل اللہ کے نزدیک وہ نماز ہے جو وقت پر پڑھی جائے۔

(۱۵) اللہ جل شانہ کو آدمی کی ساری حالتوں میں سب سے زیادہ یہ پسند ہے کہ اس کو سجدہ میں پڑا ہوا دیکھیں کہ پیشانی زمین پر رگڑ رہا ہے۔

(۱۶) اللہ جل شانہ کے ساتھ آدمی کو سب سے زیادہ قرب سجدہ میں ہوتا ہے۔

(۱۷) جنت کی کنجیاں نماز ہیں۔

(۱۸) جب آدمی نماز کے لیے کھڑا ہوتا ہے تو جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور اللہ جل شانہ کے اور اس نمازی کے درمیان کے پردے ہٹ جاتے ہیں جب تک کہ کھانسی وغیرہ میں مشغول نہ ہو۔

(۱۹) نمازی شہنشاہ کا دروازہ کھٹکھٹاتا ہے اور یہ قاعدہ ہے کہ جو دروازہ کھٹکھٹاتا ہی رہے تو کھلتا ہی ہے۔

(۲۰) نماز کا مرتبہ دین میں ایسا ہے جیسا کہ سر کا درجہ ہے بدن میں۔

www.ahnafmedia.com

(۲۱) نماز دل کا نور ہے جو اپنے دل کو نورانی بنانا چاہے (نماز کے ذریعہ سے) بنالے۔

(۲۲) جو شخص اچھی طرح وضو کرے اس کے بعد خشوع و خضوع سے دو یا چار رکعت نماز فرض یا نفل پڑھ کر اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے، اللہ تعالیٰ شانہ معاف فرمادیتے ہیں۔

(۲۳) زمین کے جس حصہ پر نماز کے ذریعہ سے اللہ کی یاد کی جاتی ہے وہ حصہ زمین کے دوسرے ٹکڑوں پر فخر کرتا ہے۔

(۲۴) جو شخص دو رکعت نماز پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے کوئی دعا مانگتا ہے تو حق تعالیٰ شانہ وہ دعا قبول فرمالیتے ہیں خواہ فوراً ہو یا کسی مصلحت سے کچھ دیر کے بعد، مگر قبول ضرور فرماتے ہیں۔

(۲۵) جو شخص تنہائی میں دو رکعت نماز پڑھے جس کو اللہ اور اس کے فرشتوں کے سوا کوئی نہ دیکھے تو اُس کو جہنم کی آگ سے بَری ہونے کا پروانہ مل جاتا ہے۔

(۲۶) جو شخص ایک فرض نماز ادا کرے اللہ تعالیٰ شانہ کے یہاں ایک مقبول دعا اس کی ہو جاتی ہے۔

www.ahnafmedia.com

(۲۷) جو پانچوں نمازوں کا اہتمام کرتا رہے ان کے رکوع و سجود اور وضو وغیرہ کو اہتمام کے ساتھ اچھی طرح سے پورا کرتا رہے جنت اُس کے لیے واجب ہوجاتی ہے اور دوزخ اُس پر حرام ہوجاتی ہے۔

(۲۸) مسلمان جب تک پانچوں نمازوں کا اہتمام کرتا رہتا ہے شیطان اس سے ڈرتا رہتا ہے اور جب وہ نمازوں میں کوتاہی کرنے لگتا ہے تو شیطان کو اُس پر جرأت ہوجاتی ہے اور اس کے بہکانے کی طمع کرنے لگتا ہے۔

(۲۹) سب سے افضل اول وقت نماز پڑھنا ہے۔

(۳۰) نماز ہر متقی کی قربانی ہے۔

(۳۱) اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ پسندیدہ نماز کو اول وقت پڑھنا ہے۔

(۳۲) صبح کو جو شخص نماز کو جاتا ہے اس کے ہاتھ میں ایمان کا جھنڈا ہوتا ہے اور جو بازار کو جاتا ہے اس کے ہاتھ میں شیطان کا جھنڈا ہوتا ہے۔

(۳۳) ظہر کی نماز سے پہلے چار رکعتوں کا ثواب ایسا ہے جیسا کہ تہجد کی چار رکعتوں کا۔

(۳۴) ظہر سے پہلے چار رکعتیں تہجد کی چار رکعتوں کے

برابر شمار ہوتی ہیں۔

(۳۵) جب آدمی نماز کو کھڑا ہوتا ہے تو رحمتِ الٰہیہ اس کی طرف متوجہ ہو جاتی ہے۔

(۳۶) افضل ترین نماز آدھی رات کی ہے مگر اس کے پڑھنے والے بہت ہی کم ہیں۔

(۳۷) میرے پاس حضرت جبرئیل علیہ السلام آئے اور کہنے لگے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم خواہ کتنا ہی آپ زندہ رہیں آخر ایک دن مرنا ہے اور جس سے چاہے محبت کریں آخر ایک دن اس سے جدا ہونا ہے اور آپ جس قسم کا بھی عمل کریں (بھلا یا بُرا) اس کا بدلہ ضرور ملے گا۔ اس میں کوئی تردد نہیں کہ مومن کی شرافت تہجد کی نماز ہے اور مومن کی عزت لوگوں سے استغناء ہے۔

(۳۸) اخیر رات کی دو رکعتیں تمام دنیا سے افضل ہیں۔ اگر مجھے مشقت کا اندیشہ نہ ہوتا تو اُمت پر فرض کر دیتا۔

(۳۹) تہجد ضرور پڑھا کرو کہ تہجد صالحین کا طریقہ ہے اور اللہ کے قرب کا سبب ہے، تہجد گناہوں سے روکتا ہے اور خطاؤں کی معافی کا ذریعہ ہے۔ اس سے بدن کی تندرستی بھی ہوتی ہے۔

www.ahnafmedia.com

(۴۰) حق تعالیٰ شانہ کا ارشاد ہے کہ اے آدم علیہ السلام کی اولاد تو دن کے شروع میں چار رکعتوں سے عاجز نہ بن میں تمام دن تیرے کاموں کی کفایت کروں گا۔ (فضائل نماز)

وصلی اللہ تعالی علی النبی الکریم محمد و آلہ و اصحابہ اجمعین۔

تمت

عبدالرؤف سکھروی عفا اللہ عنہ
۲۰/ شعبان ۱۴۱۲ھ

www.ahnafmedia.com